ماہنامہ نعت لاہور
انتخابِ نعت
دسمبر ۱۹۹۵

جلد ۸ دسمبر ۱۹۹۵ شمارہ ۱۲

انتخابِ نعت

ایڈیٹر: راجا رشید محمود

ڈپٹی ایڈیٹر: شہناز کوثر

اظہر محمود

مینجر: اختر محمود

مشیرِ خصوصی: چوھدری رفیق احمد باجوہ ایڈووکیٹ

قیمت ۱۵ روپے (عام شمارہ)
۶۰ روپے (اشاعتِ خصوصی)
۲۰۰ روپے (زرِ سالانہ)
عرب ممالک کے لیے: ۱۰۰ ریال

پرنٹر: حاجی محمد نعیم کھوکھر۔ جیم پرنٹرز۔ لاہور
پبلشر: راجا رشید محمود

کمپیوٹر کمپوزنگ: نعت کمپوزنگ سنٹر
خطاط: منظر رقم

بائنڈر: خلیفہ عبدالمجید۔ بک بائنڈنگ ہاؤس، ۳۸۔ اردو بازار۔ لاہور

اظہر منزل۔ مسجد سٹریٹ نمبر ۵۔ نیو شالامار کالونی۔ ملتان روڈ

فون ۷۴۶۳۶۸۴ لاہور (پاکستان) پوسٹ کوڈ ۵۴۵۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غلام

بے مقام بھی ہے، بے وقعت بھی

علمی بے بضاعتی اس کا تخصّص ہے اور فہم کی نارسائی مُسلّم

عمل کا خانہ بھی خالی ہے اور "ظاہریّت" کا اہتمام بھی نہیں

تعلیماتِ قرآن و احادیث، شعر و سخن، ادب و انشا، صحافت۔ ہر شعبے میں،

ممکن ہے، اس کا مقام مبتدیوں کی بھی آخری صف میں ہو

لیکن اس کو غلامی کی سندِ امتیاز سے نواز دیا گیا

اس کی کج مج بیانی رد نہیں کی گئی

آقائے کائنات علیہ السّلام والصلوٰۃ کا یہ غلام، نیاز مندی کی ڈگری رکھتا ہے

یہ ہیچ میرز نعت کی خدمت پر مامور ہے

اسے یہ توفیق بھی خود ہی مرحمت فرمائی گئی ہے، پھر اس کو انعامات

سے بھی سرفراز کیا جا رہا ہے

جب سے اجرائے "نعت" ہوا ہے، پانچویں بار اس کی طلبی ہو رہی ہے،

"دشمن" پھر آ گئے ہیں

کوئی علم رکھتا ہو یا بے علم ہو، اپنی ہیئت کے اعتبار سے نیک لگتا ہو یا نہیں،

عمل کو اپنا طرّۂ امتیاز بنائے ہو یا بے عملی کو شعار کیے ہوئے ہو۔ شاعر ہو یا نہ ہو۔

اسے قلم اُٹھانا آتا ہو نہ آتا ہو۔ وہ علمِ دین میں یگانۂ روزگار ہو یا اس سے بیگانہ۔

— غلامیٔ سرکار صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا طوق اپنے گلے سے نہ اتارے، کوچۂ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے دریوزہ گری کا رشتہ نہ توڑے، نیاز مندی اور غلامی کی سند پر مفتخر رہے تو کامیاب ہے

سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسّلام اُسے بُلا بُلا کے نوازتے ہیں

پھر جھولی پھیلانے کی ضرورت نہیں رہتی، دستِ طلب اٹھنا بھول جاتا ہے

مگر، عنایات میں کمی نہیں ہوتی!

کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟

انتخابِ نعت

کیوں؟

ایک ایک شاعر کے الگ الگ شائع ہونے والے مجموعہ ہائے نعت کا تذکرہ تو کہیں نہ کہیں ہو جاتا ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد شائع ہونے والے ایسے ۲۰۷ مجموعہ ہائے نعت کا ذکر کتاب "پاکستان میں نعت" مرقومہ ۱۹۹۳ میں کیا گیا۔ لیکن عام طور سے ایسی کتابوں کا مجموعی ذکر نہیں کیا جاتا تھا جن میں مختلف شعرا کے نعتیہ کلام کا انتخاب ہو۔ ایک آدھ جگہ ایسی کاوش نظر بھی آئی تو مکمل نہ تھی۔ یا پھر ایسی مرتب کی گئی فہرست میں غیر معیاری کلام کی حامل کتابیں، اور چند صفحوں کے کتابچے بھی شامل کر لئے گئے۔ کہیں سے کسی انتخابِ نعت کا نام پڑھ کر یا سن کر بھی ایسی فہرستوں میں درج کر دیا گیا۔ اس طرح تعداد تو بڑھ گئی لیکن معیار مجروح ہوا اور تاریخ ادب و شعر کے طالب علموں کو درست معلومات مہیا نہ ہوئیں۔

ان حالات میں ایک ایسی کاوش کی ضرورت تھی جس میں اب تک چھپنے والے انتخابِ نعت میں سے ہر ایک میں کچھ بنیادی معلومات بھی اجمالاً" بیان کر دی جائیں۔ ایسی فہرستیں مکمل تو کسی صورت بھی نہیں کہلا سکتیں، --- خاص طور سے منتخباتِ نعت کا معاملہ ایسا ہے کہ نعت خوانی کی محافل کے لئے لاتعداد کتب چھاپ دی گئی ہیں۔ ان میں سے بیشتر زبان و بیان کی خامیوں کے لحاظ سے بھی اور تعلیمات قرآن و احادیث سے ناواقفیت کی بنیاد پر بھی قابل توجہ نہیں۔ ایسی جو کتابیں راقم الحروف کی نظر سے گزری ہیں، میں نے صحیح صورتِ حال کی طرف اشارہ کر دیا ہے۔ البتہ جو کتابیں میں نہیں دیکھ سکا، ان کے نام، مرتب کے نام اور مقام اشاعت ہی دستیاب ہیں، وہی نقل کر دیئے گئے ہیں۔ جن کے بارے میں معلومات مہیا نہیں، ان میں سے بیشتر کے معیار کے بارے میں شبہہ ہے۔

کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟

انتخابِ نعت

راجا رشید محمود

انتخابِ نعت

نعت کے تذکروں میں نعت گو شاعروں کے مجموعہ ہائے نعت کا ذکر تو آجاتا ہے، مشہور نعت گوؤں کا ذکر الگ بھی کیا جاتا ہے لیکن نعتوں کے جو انتخاب وقتاً فوقتاً" شائع ہوتے رہے، اُن کا ذکر نہیں آتا۔ دو ایک جگھوں پر بعض انتخابوں کے نام اور ان کے مُرتبین کے نام ایک گوشوارے یا فہرست کی صورت میں آئے بھی ہیں لیکن ان کا الگ ذکر نہیں ہوا۔

کسی ایک شاعر کی ایک یا زیادہ کتابوں میں اُس شاعر کے جذباتِ عقیدت، اس کی اپنی لفظیات، اس کا خاص اُسلوب، زبان و بیان اور تشبیہات و تراکیب کے حوالے سے اس کا مخصوص رویّہ اور ہیئت کے اعتبار سے اس کی پسند سامنے آتی ہے، لیکن جب کوئی مُرتّب بہت سے شعرا کی نعتیں کسی ایک کتاب میں جمع کردیتا ہے تو ہر ایک شاعر کے اپنے سرکار ﷺ کے بارے میں اپنے الگ جذبات و احساساتِ عقیدت، اس کا اپنا طرزِ ادا، زبان و بیان کے ضمن میں اس کا منفرد انداز، محاسنِ شعری میں اس کی اپنی پسند اور ہیئت کے اعتبار سے اس کا انتخاب ـــــ کتاب میں رنگا رنگی اور تنوّع پیدا کردیتا ہے۔ ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است،

کسی انتخاب کے مطالعے سے قارئین پر ظاہر ہوتا ہے کہ کسی ایک مضمون کو کن کن شاعروں نے اپنے اپنے انداز سے باندھا ہے، کن شعرا نے صنائع و بدائع کا زیادہ استعمال کیا ہے، کن کے کلام میں تلمیحات کی کثرت ہے، کہاں کہاں قرآن و احادیث کی تعلیمات کا زیادہ اثر نظر آتا ہے یا ان کی طرف رہنما اشارے ملتے ہیں، کن شاعروں نے جدید طرزِ ادا سے بات کی ہے اور کس کس نے قدیم اُسلوبِ شعری

پیروی کی ہے۔ انتخاب میں کہیں تُو اور تُم کی اپنائیت سے حضورِ اکرم ﷺ کو
خطاب کیا گیا ہو گا، اور کہیں اس بات کا التزام نظر آئے گا کہ یہ الفاظ استعمال نہ کیے
جائیں بلکہ آپ حضور ﷺ سے خطاب ہو۔ اس طرح انتخاب کے ہر ہر صفحے پر،
ہر ایک نعت میں، ہر شاعر کے کلام میں مضامین سے لے کر پیشکش تک میں انفرادیت
نظر آتی ہے اور تنوّع اور نیرنگی اپنا رنگ دکھاتی ہے۔

اب تک اُردو نعت کے جو انتخاب شائع ہوئے ہیں، ظاہر ہے کہ وہ سب
کے سب راقم السّطور کے سامنے نہیں ہیں۔ پھر بھی میرے ذاتی ذخیرۂ کتب اور ایوانِ
نعت رجسٹرڈ کے زیرِ اہتمام قائم شدہ "نعت لائبریری" میں جو انتخاب موجود ہیں، اُن
کے حوالے سے ایک سرسری جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔ جو کتابیں میرے سامنے نہیں
ہیں، ان کے متعلق تفصیلات نہیں دی جا سکتیں۔

نعتوں کے انتخاب مختلف صُورتوں میں، مختلف نقطہ ہائے نظر سے ترتیب
دیئے گئے ہیں۔ بعض زمانی اعتبار سے نعت گو شاعروں کی کاوشوں پر مشتمل ہیں، بعض
کسی خاص عہد سے متعلق ہیں۔ چند انتخاب کسی ایک علاقے کے شعرا کی نعتوں پر
مشتمل ہیں۔ کئی انتخاب کسی ایک موضوع پر کہی گئی نعتوں سے متعلق ہیں۔ زیادہ تر
انتخاب ایسے ہیں کہ اِس قسم کی کوئی تخصیص کیے بغیر، اپنے ذوق کے اعتبار سے
مرتّب کر دیئے گئے ہیں۔ بہت سے انتخاب ایسے بھی شائع ہوئے ہیں جو نعت خوانی
اور میلاد کی محفلوں میں پڑھے جانے کے لئے ہیں۔ ان میں عام طور سے معیار پیشِ
نظر نہیں رکھا جاتا، لیکن چند ایک انتخاب ایسے بھی ہیں جن میں مُرتّب کے ذوق کے
مطابق موضوعات و مضامین کے اعتبار سے بھی اور شاعری کے لحاظ سے بھی، معیار
پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ کچھ انتخاب ایسے بھی ہیں جن میں نعتوں کے ساتھ شاعروں
کے نام نہیں دیئے گئے۔ چند اشاعتی ادارے ایسے ہیں جو نعتوں کے انتخاب وقتاً
فوقتاً شائع کرتے رہتے ہیں۔ بعض رسائل و جرائد نے بھی خاص نمبروں کی صورت
میں نعتوں کے کچھ انتخاب چھاپے ہیں یا رسول ﷺ نمبروں یا سیرت نمبروں میں

چند منتخب نعتیں شامل کی ہیں۔ بعض کتابوں اور رسالوں میں نعتیں یُوں بھی اکٹھی کر
دی گئی ہیں کہ مرتّب یا مُدیر کے پیشِ نظر کوئی مقصد، کوئی معیار، حُسنِ ذوق کا کوئی سا
انداز بھی نہیں تھا، جو کچھ ملا، چھاپ دیا۔ کچھ انتخاب حُسنِ ترتیب سے عاری ہیں۔

اب تک اردو نعت کے بہت سے انتخاب شائع ہو چکے ہیں۔ حافظ
لدھیانوی کے ایک مجموعۂ نعت "نشیدِ حضوری" کے مقدّمے میں جناب حفیظ تائبؔ
نے قیامِ پاکستان کے بعد شائع ہونے والے ۱۳ نعتیہ انتخاب کے نام گنوائے۔
"مہک" گوجرانوالہ کی اشاعتِ خاص "نذرانۂ عقیدت بحضورِ سرورِ کونین ﷺ"
میں "اردو نعتیہ دواوین و مجموعہ جات" کے نام، سنِ اشاعت اور مطبع کے نام کے
ساتھ ایک فہرست چھاپی گئی ہے۔ ایوانِ نعت رجسٹرڈ کے زیرِ اہتمام قائم کردہ "نعت
لائبریری" میں بیسیوں نعتیہ انتخاب موجود ہیں۔

قیامِ پاکستان سے پہلے بھی کچھ اشاعتی اداروں نے چند انتخابِ نعت شائع کیے
لیکن ان کا مقصد محض محافل میں نعت خوانی کے لیے مواد مہیّا کرنا ہوتا تھا اور شاید
اسی لیے شاعر کا نام دینے کا تکلّف نہیں کیا جاتا تھا۔ ملک دین محمد اینڈ سنز، سیٹھ آدم
جی عبداللہ اینڈ سنز، جہانگیر بک ڈپو، ملک بشیر احمد اینڈ سنز کے علاوہ کشمیری بازار لاہور
کے اور کچھ اشاعتی اداروں نے ایسے ہی کئی انتخاب شائع کیے۔ ملک چنن الدین تاج
الدین تاجران کتب کشمیری بازار لاہور کے ضخیم انتخاب بعنوان خزینۂ نعت، گنجینۂ
نعت، سفینۂ نعت، نعتِ سلطانِ عرب المعروف بہ گلزارِ یثرب، بہارِ یثرب اور دربارِ
یثرب بھی اسی قسم کے انتخاب ہیں جن میں شاعروں کے نام نہیں ہیں البتہ مقطعوں
سے بعض صورتوں میں اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ غلام نبی (کراچی) کا ایک انتخاب
"بُستانِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم" ۲۶۰ صفحات پر مشتمل ہے، یہ فارسی اور اردو نعتوں کا
انتخاب ہے لیکن اس میں شاعروں کے نام نہیں ہیں۔ شیخ عنایت حسین بدرؔ کا مُرتّبہ
"مجموعۂ نعتِ محمدی ﷺ" مطبوعہ لاہور بھی یہی تخصّص رکھتا ہے۔

بھارت سے شائع ہونے والے انتخاب مرتّبہ حقّانی گجراتی، (مطبوعہ دہلی

صوفی محمد اسمٰعیل (مطبوعہ مالیر کوٹلہ) حافظ عبدالستار (مطبوعہ دہلی) اور "نعتِ رسول ﷺ"
شائع کردہ نیو سلور بک ایجنسی بمبئی میں شامل نعتوں پر ان کے تخلیق کاروں کے نام
درج نہیں ہیں۔ البتہ پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر کی مرتبہ کتاب "منتخب نعتیہ کلام"
مطبوعہ محرم ۱۴۰۶ھ میں نعت گوؤں کے نام نہ دیکھ کر تعجب ہوتا ہے۔

قیامِ پاکستان کے بعد، اب تک بہت سے انتخابِ نعت شائع ہوئے ہیں۔ ان
میں زیادہ تر تو ذاتی پسند و ناپسند کی بنا پر مُرتّب ہوتے ہیں اور ان کی حیثیت یہ نہیں
ہوتی کہ اس کے مُرتّب کرنے کی تاریخ تک نعت کا جو ذخیرہ سامنے آیا ہے، اس کے
منتخبات اس میں شامل ہوں۔ البتہ اب تک شائع ہونے والے نعتیہ انتخاب جو
معیار کے لحاظ سے قابلِ ذکر ہیں، اُنھیں چار پانچ حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ان
میں کچھ تالیفات تو موضوع یا ہیئت کے اعتبار سے ترتیب دی گئی ہیں۔ مثلاً سیّد
طفیل احمد بدرؔ امروہوی نے حضور ﷺ کی بارگاہِ بیکس پناہ میں اُردو شعرا کے
نذرانہ ہائے سلام کو "سلامِ قدس" کے نام سے ۱۳۷۳ھ میں مرتّب کیا اور تاج کمپنی
نے اسے چھاپا۔ ۳۲۰ صفحات کی اس کتاب میں چند منظومات فنّی لحاظ سے کمزور بھی
ہیں لیکن مجموعی طور پر یہ ایک اچھا انتخاب ہے۔ انیس احمد نُوری نے سکّھر سے اور
شہزاد احمد اور رفیق احمد کلامؔ رضوی نے کراچی سے سلاموں کے انتخاب شائع کیے۔
راقم الحروف نے ۸۹ء میں ایسے سلاموں کا انتخاب ماہنامہ "نعت" کی دو اشاعتوں کی
صُورت میں چھاپا جن کی ردیف "لاکھوں سلام" ہے اِس کے علاوہ سلاموں کا ایک
اور انتخاب مرتّب اور شائع کیا۔ نیز "درود و سلام" کے موضوع پر انتخاب مرتب اور
شائع کیے۔

رازؔ کاشمیری نے "صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ" ردیف کی نعتوں کا ایک انتخاب
مرتّب کیا تھا جو ۱۴۰۰ھ میں چھپا۔ اس کے بعد راقم الحروف نے اسی ردیف کی اور
بہت سی نعتیں جمع کر کے شائع کیں۔ محمد منشا تابشؔ قصوری نے "اَغِثْنِی یا رسولَ اللہ
ﷺ" کے نام سی ایسی نعتوں کا ایک انتخاب مرتب کیا جن کی ردیف "یا رسولَ

اللہ (ﷺ)" ہے۔ بعد میں اسی ردیف کی مزید نعتیں محمد صادق قصوری نے جمع
کیں جو ماہنامہ "نعت" نے ایک خاص نمبر کی صورت میں چھاپیں۔ "مدحِ
رسول" ﷺ کے نام سے طلبہ و طالبات کے لیے ایک ایسا انتخاب پنجاب ٹیکسٹ
بک بورڈ نے ۱۹۷۳ میں شائع کیا تھا جس میں زیادہ تر نعتیں حضور ﷺ کی سیرتِ
پاک سے متعلق اشعار پر مشتمل تھیں۔ انتخاب میں ثانوی اور اعلیٰ ثانوی جماعتوں
کے طلبہ و طالبات کی ذہنی استعداد کو پیشِ نظر رکھا گیا تھا۔ اس انتخاب کو ترتیب
دینے کی سعادت راقم الحروف کو حاصل ہوئی تھی۔

غیر مُسلم اُردو شعرا کی نعتوں کا ایک مجموعہ "ہندو شعرا کا نعتیہ کلام" فانی مراد
آبادی نے ترتیب دیا تھا۔ نور احمد میرٹھی نے "نورِ سخن" کے نام سے غیر مسلموں کی
نعتوں کا ایک انتخاب صُوری حُسن کے ساتھ ۱۹۸۸ میں شائع کیا۔ ماہنامہ "نعت" کے
چار شمارے (۴۴۸ صفحات) اِس موضوع پر اب تک اشاعت پذیر ہو چکے ہیں، ان
میں سو سے زیادہ نعتوں کا انتخاب بھی شامل ہے۔ نومبر ۱۹۹۵ کی اشاعتِ خصوصی
(۴۲۲ صفحات) بھی اسی موضوع پر تذکرے، تحقیق، تنقید اور ترتیب کی ایک کوشش
ہے۔

انتخابِ نعت کا ایک سلسلہ شُعراءِ نعت کے حوالے سے بھی چلتا ہے۔ مثلاً
مکتبۂ ادب لاہور نے سجّاد حیدر خاں کا مرتّبہ ایک انتخاب "مُرقّعِ نعت" کے نام سے
شائع کیا جس میں ان نامور شعرا کا نعتیہ کلام ہے جن کی ولادت انیسویں صدی میں یا
اس سے پہلے ہوئی۔ ضلع میانوالی کے شاعروں کی نعتوں کا ایک انتخاب "وَرَفَعْنَا لَکَ
ذِکْرَکَ" کے نام سے سید انجمؔ جعفری نے، کوہاٹ کے شعرا کی نعتوں کا انتخاب "شانِ
محمد ﷺ" کے نام سے محبّت خان بنگش نے، ملتان کے شعرا کا "م محمد ﷺ"
کے نام سے مرتضیٰ اشعرؔ نے، جانِ رحمت اور گُلِ عقیدت کے نام سے سرگودھا کے
شعرا کی نعتوں کا انتخاب اخلاق عاطفؔ نے اور کراچی کے شعرا کی نعتوں کا انتخاب
صبیحؔ رحمانی نے کیا۔ حیدر آباد کے شعرا اور ایک اُستاد شاعر کے شاگردوں کی نعتوں کا

مجموعہ دردؔ اسعدی نے "ثنائے خواجۂ کونین ﷺ" کے نام سے شائع کیا۔ نیشنل بینک آف پاکستان کے شعرا کی نعتوں پر مشتمل ایک کتاب کراچی سے شائع کی گئی۔ میں نے حافظؔ پیلی بھیتی، امیرؔ مینائی، علامہ ضیاؔء القادری بدایونی، حسنؔ رضا خاں بریلوی، آزادؔ بیکانیری، غریبؔ سہارنپوری، ستارؔ وارثی، بہزادؔ لکھنوی، محمد حسین فقیرؔ اور اخترؔ الحامدی کی نعتوں کے انتخاب مرتب اور شائع کیے۔

تابشؔ صدیقی نے ۱۹۸۱، ۱۹۸۲ میں چھپنے والی نعتوں کا ایک انتخاب مطبوعاتِ حرمت، راولپنڈی کے زیرِ اہتمام "منتخب نعتیں" کے نام سے شائع کیا۔ اس میں ۱۱۰ شاعروں کا کلام ہے۔ "نقوش" نے مرحوم نعت گوؤں کی نعتوں کا انتخاب رسول ﷺ نمبر کی دسویں جلد میں شائع کیا۔ "بہارِ نعت" کے نام سے ۱۹۹۰ میں پاکستان رائٹرز گلڈ پنجاب نے حفیظ تائبؔ کا مرتّبہ ایک انتخاب شائع کیا جس میں ۱۹۳ زندہ پاکستانی شعرا کی نعتیں شامل ہیں (اس سے پہلے حاجی محمد منیر قریشی کا ایک انتخاب اِسی نام سے فرمان علی پبلشرز لاہور چھاپ چکے ہیں)۔ "بزمِ رسالت" حاجی گل بخشالوی کا مرتّبہ ایسا مجموعہ نعت ہے جس میں پاکستان کے تمام خطّوں کے شعرا کو نمائندگی دی گئی ہے اور عام طور پر نعت کے نیچے شاعر کا پتا بھی درج کیا گیا ہے۔ اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ یہ بھی زندہ شعرا کا نعتیہ کلام ہے۔ البتہ حفیظ تائبؔ کا "بہارِ نعت" معیاری کلام کے ساتھ اور حاجی گل بخشالوی کا "بزمِ رسالت" ہر قسم کے کلام کے ساتھ چھپا ہے۔ عزیزؔ صابری (عزیزؔ احسن) نے عہدِ حاضر کے شعرا کے نعتیہ کلام کا انتخاب مرتّب کیا ہے۔ "القول السدید" لاہور نے مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی چند زمینوں میں کہی گئی نعتیں اور ماہنامہ "نعت" لاہور نے ان کی ایک زمین میں کہی گئی نعتوں کا انتخاب خاص نمبروں میں شائع کیا۔

شفیق بریلوی کا "ارمغانِ نعت" پروفیسر محمد اقبال جاوید کا "مخزنِ نعت" ممتاز حسن کا "خیر البشر ﷺ کے حضور میں" ضیا محمد ضیاؔ اور طاہرؔ شادانی کا "گلدستۂ نعت" ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی تصنیف "اردو کی نعتیہ شاعری" کا حصۂ انتخاب، نیز

ندیم نیّر کا "مدینۂ نعت" ـــــــ وغیرہ، کئی ایسے انتخابِ نعت ہیں جن کا تذکرہ تاریخ نعت کے ذکر میں ہوتا رہے گا۔ بعض رسائل و جرائد کے نعت نمبروں میں بھی انتخابِ نعت پر محنت کی گئی ہے۔ راقم الحروف کا ایک انتخاب "نعتِ خاتم المرسلین ﷺ" کے نام سے مقبول اکیڈمی لاہور ۱۹۸۲ سے شائع کر رہی ہے۔ اس میں حروفِ تہجّی کے اعتبار سے ۱۵۴ شعرا کی نعتیں شامل کی گئی ہیں۔ التزام یہ کیا گیا ہے کہ ہر نعت کے سات شعر دیے ہیں۔

اب تک جتنے انتخابِ نعت زیورِ طبع سے آراستہ ہوئے ہیں، ان میں جہاں ایک پہلو کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے، وہاں کچھ دوسرے اہم پہلوؤں سے صَرفِ نظر کیا گیا ہے، مثلاً سیفؔ کلانوری کے "بوستانِ نعت" میں جدید نعت نگاروں کا کلام آ ہی نہیں سکتا تھا۔ "سلامِ قدس" میں صرف سلام ہیں، باقی موضوعات نہیں۔ "اَغِثنی یا رسولَ اللہ ﷺ" میں صرف استمداد طلب نعتیں ہیں۔ "مدحِ رسول ﷺ" بچوں کے لیے ہے اور موضوعاتِ نعت میں سے سیرتِ طیّبہ پر زیادہ زور ہے۔ "ہندو شعرا کا نعتیہ کلام" اور "نورِ سخن" صرف غیر مسلم نعت گوؤں کے کلام سے مُزیّن ہیں۔ "منتخب نعتیں" میں صرف ۸۱، ۱۹۸۲ میں چھپنے والی نعتیں ہیں۔ "بہارِ نعت" مرتّبہ حفیظ تائبؔ اور "بزمِ رسالت" میں صرف زندہ پاکستانی شعرا کا کلام ہے۔

ارمغانِ نعت، مخزنِ نعت، خیر البشر ﷺ کے حضور میں، گلدستۂ نعت اور اس طرح کے دوسرے منتخباتِ نعت میں ہیئت کے اعتبار سے تنوّع موجود ہے، مثلاً نظم، غزل، قطعہ، مثنوی وغیرہ موجود ہیں لیکن ان اصنافِ سخن کی نمائندہ نعتوں کا انتخاب نہیں ہے۔ "نقوش" لاہور کے رسول ﷺ نمبر (جلد ۱۰) میں اصنافِ سخن کے حوالے سے الگ الگ نعتیں دی گئی ہیں لیکن یہ ہیئت کی نمائندگی ہے، انتخاب نہیں مثلاً آزاد نظمیں صرف تین دی گئی ہیں۔

ان سب نعتیہ منتخبات اور اُس وقت تک چھپنے والے بیشتر مجموعہ ہائے نعت کو سامنے رکھ کر راقم الحروف نے "نعت کائنات" کے نام سے جو ضخیم انتخاب مرتّب

کیا (بڑے سائز کے ۸۱۶ صفحات۔ ۱۰۲۷ نعتیں) اس میں غزل، نظم، آزاد نظم، مُسدّس، مخمّس، مثلّث، قصیدہ، مثنوی، رباعی، قطعہ، ہائیکو وغیرہ مختلف اصنافِ سُخن کے حوالے سے نعتیں منتخب کی گئی ہیں۔ جہاں جدید رنگِ شعر کی نمائندگی ہے، وہاں قدیم اندازِ نعت بھی موجود ہے۔ جہاں زندہ شعرا کا کلام شامل کیا گیا ہے، وہاں مرحومین کے کلام سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ اس انتخاب میں کوشش کی گئی ہے کہ نعت کے تمام مضامین کو ضروری نمائندگی ملے۔ جہاں اس میں مُسلم شعرا ہیں، وہاں غیر مسلم شعرا کی نعتیں بھی شامل ہیں۔ اس انتخاب میں یہ امر بھی ملحوظ رکھا گیا ہے کہ اس میں نہ صرف پاکستان کے تمام علاقوں کی نمائندگی ہو بلکہ ہندوستان کے نعت گوؤں کا کلام بھی شامل ہو۔ یہ کوشش بھی کی گئی ہے کہ قریباً ہر قابلِ ذکر شاعر کا کلام اس میں پایا جائے۔

پاکستان کے قیام سے پہلے شائع ہونے والے انتخابِ نعت میں سب سے اہم انتخاب "بوستانِ نعت" مرتبہ احمد علی سیفؔ کلانوری ہے جو ۱۳۴۹ھ میں فیروز پرنٹنگ ورکس لاہور میں طبع ہوا۔ یہ کتاب بڑے سائز کے ۲۷۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ انتخاب معیاری ہے اور شعرا کے نام بھی موجود ہیں۔ اس انتخاب کی اہمیت اور افادیت آج بھی مُسلّم ہے۔

رسائل و جرائد کے نعت نمبروں میں بھی انتخاب شامل ہوتا ہے، بعض میں نہایت وقیع۔ مثلاً "صریرِ خامہ" کا نعت نمبر۔ چند جرائد کے رسول ﷺ نمبروں میں انتخاب محنت سے کیا گیا مثلاً "خاتونِ پاکستان" کراچی کے رسول ﷺ نمبروں میں۔ یہی انتخاب مناسب اضافوں اور ترتیب و تدوین کے ساتھ، بعد میں "ارمغانِ نعت" کے نام سے چھپا۔

رسائل و جرائد کے سیرت نمبروں، میلاد نمبروں، رسول ﷺ نمبروں میں بھی، بعض صورتوں میں، معیاری نعتیں شامل کی جاتی ہیں اور کہیں کہیں تو معیاری انتخاب نظر آتا ہے (زیرِ قلم تذکرے میں صرف ایسے نمبروں کا ذکر کیا گیا ہے جن میں

دس سے زیادہ نعتیں شامل ہیں)۔ سیکڑوں انتخاب نعت خوانی کے لیے مرتّب اور شائع کیے گئے لیکن ان میں عموماً محاسنِ شعری اور زبان و بیان سے زیادہ ترنم کو پیشِ نظر رکھا جاتا ہے۔ ایسے انتخابوں میں چونکہ سامعین کو متاثر کرنا اور ان کے جذباتِ محبّتِ رسولِ کریم ﷺ کو انگیخت کرنا مطلوب ہوتا ہے، اس لیے بعض صورتوں میں نعت کی حدود و قیود کا لحاظ بھی نہیں رکھا جاتا۔ ایسی کتابوں میں بیشتر نعتیں ایسی ہوتی ہیں جو شاعروں سے زیادہ، متشاعر نعت خوانوں کی کہی ہوئی ہوتی ہیں، اس لیے تاریخِ ادب و شعر میں، ان میں سے بیشتر کتابوں کا ذکر نہیں ہو سکتا۔

بعض کتابیں جو نعت کی تاریخ اور اس کے ارتقا سے بحث کرتی ہیں، ان میں بھی نعت کا انتخاب موجود ہوتا ہے مثلاً ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی "اردو کی نعتیہ شاعری" اور فضلؔ فتح پوری کی "اُردو نعت"۔

غوث میاں نے "نعت رنگ" کراچی کے تنقید نمبر میں ۲۹۱ انتخابِ نعت کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے مجموعہ ہائے نعت کی فہرست مرتّب کرتے ہوئے بھی یہی طریقہ اپنایا ہے اور انتخابِ نعت کا ذکر کرتے ہوئے بھی یہی کیا ہے کہ سَن وار کتاب کے اور مرتّب کے نام اور مقامِ اشاعت کا ذکر کردیا ہے۔ اس سے ایک تو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کتاب کی ضخامت کتنی ہے، نیز اس میں نعتیں کتنی ہیں اور نعتوں کا معیار کیا ہے۔

نعت خوانی کی محافل کے لئے کہی ہوئی بیشتر نعتیں زبان و بیان کے اعتبار سے غیر معیاری ہوتی ہیں، بعض کتابوں میں تو اوزان و بحور کی غلطیاں بھی اپنا رنگ دکھاتی ہیں۔ اگر ایسی سب کتابوں کو تاریخِ ادب میں جگہ دے دی جائے تو نتیجہ کیا ہوگا؟ اسی نقطۂ نظر سے، میں نے یہ رویّہ اپنا رکھا ہے کہ جہاں کلام غیر معیاری ہوتا ہے، وہاں نشان دہی کر دیتا ہوں۔ نیز یہ بھی واضح کر دیتا ہوں کہ کس کتاب میں کتنی نعتیں ہیں یا اس کی ضخامت کیا ہے۔

چنانچہ جو انتخابِ نعت میں نے خود دیکھے ہیں، ان کے ساتھ وضاحت قارئینِ کرام کو موجود ملے گی۔ لیکن جو کتابیں غوث میاں کی فہرست میں ملی

ہیں' ان کے متعلق ایسی جُزئیات و تفصیلات نہیں ہیں۔

غوث میاں کی مرتّب کردہ فہرست میں زیادہ تر ایسی کتابیں ہیں جن کی ضخامت بھی کم ہے اور نعتوں کا معیار بھی لائقِ اعتنا نہیں۔ پھر ان کا طریقہ یہ بھی ہے کہ انہیں کس سے خبر ملتی ہے کہ کوئی کتاب چھپی ہے یا عنقریب چھپ جائے گی تو وہ اسے فہرست میں شامل کر لیتے ہیں۔ زیادہ تر کتابیں خود ان کی نظر سے نہیں گزری ہوتیں۔ اسی لئے انہوں نے ۱۹۹۴ کی فہرست میں' میری مُرتّبہ ایک کتاب "ثنائے محمد ﷺ" اور فیصل آباد کے آصف بشیر چشتی کی مُرتّبہ کتاب "شہرِ نعت" کا تذکرہ کر دیا ہے۔ جبکہ یہ دونوں کتابیں ابھی تشنۂ طباعت ہیں۔

ظاہر ہے کہ اس طرح کی فہرست گُمراہ کن ہو جاتی ہے۔ بہرحال' میری مرتّب کردہ زیرِ نظر فہرست میں جو کتابیں میری دیکھی ہوئی ہیں' ان کے بارے میں ضروری جُزئیات درج ہیں۔ جو کتابیں غوث میاں کی فہرست سے نقل کی گئی ہیں' ان کی ذمہ داری اُنہی پر ہے۔ جہاں جہاں مجھے کچھ معلومات ملیں' وہاں میں نے ضروری وضاحت کر دی ہے۔ مثلاً "نغماتِ صداقت" کو اُنہوں نے انتخابِ نعت کے طور پر درج کیا ہے جبکہ اس میں اسلامی موضوعات پر مختلف منظومات ہیں۔ اور سرورق پر درج ہے۔ "شعرائے اسلام کا ایمان افروز کلام"۔ ۱۳۰ صفحات کی اِس کتاب میں چند نعتیں بھی ہیں۔

انتخابِ نعت کے نام سے چھوٹے چھوٹے کتابچوں کو بھی فہرست میں شامل کیا جا رہا ہے۔ ایسی کتابیں یا کتابچے بھی شامل کئے جا رہے ہیں جن میں غیر معیاری کلام ہے یا سرے سے ان کی "شعریت" ہی مشکوک ہے۔ ایسے میں ضروری معلوم ہُوا کہ اُن رسائل و جرائد کا تذکرہ کیا جائے جن میں منتخب نعتیں شامل ہیں۔ بعض رسالے اور ان میں منتخب معیاری نعتیہ کلام کو انتخابِ نعت کے ذکر میں شامل نہ کرنا ناقابلِ معافی ظلم ہوتا۔

قیامِ پاکستان کے بعد شائع ہونے والے نعتیہ مُنتخبات کا سن وار ذکر (۱۹۴۷

تا ۱۹۹۴) درج ذیل ہے:

۱۹۴۹

☆ ۱- ہفت روزہ "استقلال" لاہور۔ ۹ جنوری /۸- ربیع الاول ۱۳۶۸ھ - جلد اوّل' شمارہ ۳۶- بڑے سائز کے ۳۲ صفحات۔ ادارۂ تحریر میں لطیفُ الرحمان اور مُبشّر جعفری کے نام ہیں۔ یہ اشاعتِ خاص ۱۴ نعتوں کی حامل ہے۔

☆ ۲- ذکرِ حبیب ﷺ- عبدالعلیم صدیقی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳ - ذکرِ حبیب ﷺ (امیرؔ مینائی کے کلام کا انتخاب)۔ خالدؔ مینائی۔ مطبوعہ لاہور (ان دونوں کتابوں کا ذکر غوث میاں نے اپنی فہرست میں کیا ہے)

۱۹۵۳

☆ ۴ - ماہنامہ "ماہِ طیبہ" کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ۔ عیدِ میلاد نمبر۔ نومبر دسمبر ۱۹۵۳۔ جلد ۳۔ شمارہ ۴'۵ - ۸۲ صفحات۔ ۱۴ نعتیں (ایڈیٹر: ابوُالنور محمد بشیر)

۱۹۵۴

☆ ۵- بادۂ کوثر۔ محمد امین شرقپوری۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۶ - ماہِ طیبہ۔ معراج نمبر۔ اپریل / رجب ۱۳۷۳ھ۔ جلد ۳۔ شمارہ ۱۰۔ ۵۰ صفحات۔ دس معراجیہ نعتیں اور دس نعتوں کے منتخبات

۱۹۵۵

☆ ۷ - انتخابِ کلامِ امیرؔ مینائی۔ خالدؔ مینائی۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۸ - پندرہ روزہ "رضوان" لاہور۔ میلاد نمبر۔ ۷' ۲۸۔ اکتوبر۔ جلد ۷' شمارہ ۳۷ تا ۴۰۔ ۸۰ صفحات۔ دس شعرا کی نعتیں (مدیر: سیّد محمودؔ احمد رضوی)

☆ ۹ - ماہنامہ "فیض الاسلام" راولپنڈی۔ سیرت نمبر۔ نومبر دسمبر/ ربیع الاول' ربیع الثانی ۱۳۷۵ھ۔ جلد ۷' شمارہ ۴'۵۔ ایڈیٹر کے طور پر راجا غلام قادر غبار کا نام لکھا

ہے لیکن راقم الحروف کو معلوم ہے کہ یہ خاص نمبر علامہ عرشیؔ امرتسری کی مدیرانہ کاوشوں کا آئینہ دار ہے۔ پرچے میں فارسی، اردو اور پنجابی کی ۲۳ نعتیں ہیں۔ راقم الحروف کے دو مضامین بھی شاملِ اشاعت ہیں

☆ ۱۰ - ماہِ طیبہ۔ عید میلاد نمبر۔ جلد ۵۔ شمارہ ۴، ۵۔ اکتوبر نومبر۔ ۲۶ نعتیں ہیں

☆ ۱۱ - تمنّائے مدینہ۔ قاری عبدالحفیظ خاں۔ مطبوعہ کراچی۔ ۴۸ صفحات

۱۹۵۶

☆ ۱۲ - ماہنامہ "فاران" کراچی۔ سیرت نمبر۔ جنوری۔ جلد ۷، شمارہ ۱۰۔ مدیر ماہرؔ القادری۔ ۳۲۰ صفحات۔ ۳۱ فارسی اور ۳۴، اردو نعتوں کے منتخبات کے علاوہ ۲۵ تازہ اُردو نعتیں ہیں

☆ ۱۳ - ماہِ طیبہ۔ خاص نمبر بعنوان "محفلِ میلاد"۔ جلد ۶۔ شمارہ ۴، ۵۔ اکتوبر نومبر۔ ۹۰ صفحات۔ سولہ نعتیں عام صفحوں پر اور ۱۷ طرحی میلادیہ نعتیں "مشاعرہ" کے عنوان سے شاملِ اشاعت ہیں

۱۹۵۷

☆ ۱۴ - حمد و نعت۔ فیروز سنز لیمٹڈ۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۱۵ - نغماتِ صداقت۔ ابو السیف عتیق۔ مطبوعہ چنیوٹ (غوث میاں نے اپنی فہرست میں اسے درج کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ۱۳۰ صفحات کی اس کتاب میں سولہ اردو اور ایک پنجابی نعت ہے۔ باقی حصے میں دیگر منظومات ہیں۔ غوث میاں نے مرتّب کا نام "ابو اللطیف عتیق" لکھا ہے جو غلط ہے)

۱۹۵۸

☆ ۱۶ - ماہنامہ "سالک" راولپنڈی۔ میلاد نمبر۔ ستمبر اکتوبر۔ جلد ۶۔ شمارہ ۶، ۷ - مدیر محمد عارف اللہ قادری۔ ۱۰۶ صفحات۔ بیس نعتیں

☆ ۱۷ - "کراچی میونسپل ریویو"۔ سیرت نمبر۔ نومبر۔ مدیر فضل احمد صدیقی اور مرتّب سوز شاہجہانپوری ہیں۔ رسالہ بڑے سائز کے ۶۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ دس نعتیں ہیں۔

☆ ۱۸ - ثنائے حبیب ﷺ۔ محمد علی ظہوریؔ۔ مطبوعہ لاہور (غوث میاں نے جانے کیسے، اس کتاب کو ۱۹۵۸ میں درج کیا ہے۔ لیکن یہ نہیں لکھا کہ یہ حصۂ اوّل ہے یا دوم۔ میرے ذخیرۂ کتب میں "ثنائے حبیب ﷺ" حصہ دوم ہے، اس پر سنِ اشاعت درج نہیں)

۱۹۵۹

☆ ۱۹ - ماہنامہ "آئینہ" لاہور۔ سیرت نمبر۔ اکتوبر۔ جلد ۴، شمارہ ۱۹۔ مدیر محمد امین شرقپوری۔ ۱۰۰ صفحات۔ فارسی اور اردو کی ۱۴ نعتیں

☆ ۲۰ - حمد و نعت۔ محمودُ علی جامعی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۶۰

☆ ۲۱ - صحیفۂ انوار۔ علامہ سیّد عشقیؔ۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۲۲ - ماہنامہ آئینہ لاہور۔ سیرت نمبر۔ اکتوبر۔ جلد ۵۔ شمارہ ۲۶۔ ۷۸ صفحات۔ گیارہ نعتیں

☆ ۲۳ - گلکدہ حرم۔ مہرؔ پیلی بھیتی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۲۴ - نغمۂ حبیب ﷺ۔ محمد شفیع اوکاڑوی۔ مطبوعہ کراچی / لاہور۔ ۶۴ صفحات

۱۹۶۱

☆ ۲۵ - ماہنامہ "نور و ظہور" قصور۔ نعت نمبر۔ اگست ستمبر/ ربیع الاول، ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ۔ جلد ۲۔ شمارہ ۱۶، ۱۷۔ مدیر محمد علی ظہوریؔ۔ ۶۴ صفحات۔ "نعت نمبر" میں

صرف نعتیں ہیں۔ ۹ شعرا کی فارسی، ۳۹ شعرا کی اردو اور چھ شعرا کی پنجابی نعتیں شامل اشاعت ہیں۔ دائم اقبال دائم اور محمد علی ظہوری (ایڈیٹر) کا جو کلام شامل ہے، وہ نعت نہیں۔ صفحہ ۴۵ کی نعت میں فنی معائب ہیں

☆ ۲۶ - ماہنامہ "مسلمہ" لاہور۔ عیدِ میلاد النبی ﷺ نمبر۔ جولائی اگست۔ پرنٹر پبلشر عبید الحق خاں۔ ۱۱۲ صفحات۔ ۱۴ نعتیں

☆ ۲۷ - گلدستۂ سلام۔ عبدالغفور قریشی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۲۸ - گلشنِ محمودؐ۔ محمودؔ حسن رضوی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۶۲

☆ ۲۹ - بُستانِ نبی ﷺ۔ غلام نبی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۲۵۵۔ صفحہ ۸۷ تک فارسی کلام، ۲۴۴ تک اردو کلام اور آخر میں ٹھمریاں ہیں۔ ان میں اِکّادُکّا منقبت اور غزل بھی ہے۔ کلام کے ساتھ شعرا کے نام نہیں ہیں

☆ ۳۰ - صلوٰۃ سلام۔ شفیق طارق۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۰۴۔ اِدھر اُدھر سے کچھ نعتیہ کلام اور کچھ ایسی منظومات جن میں کہیں حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کا اسمِ گرامی آیا ہے، اکٹھی کر دی گئی ہیں۔ کلام غیر معیاری نہیں۔ شاعروں کے نام درج نہیں ہیں

☆ ۳۱ - ہندو شعرا کا نعتیہ کلام۔ فانی مراد آبادی۔ مطبوعہ لائل پور (اب فیصل آباد)۔ صفحات ۱۷۴۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ تاریخ اشاعت درج نہیں البتہ "عرضِ مؤلف" کے آخر میں ۲۸ ستمبر ۱۹۶۲ درج ہے

☆ ۳۲ - ماہنامہ "خاتونِ پاکستان" کراچی۔ رسول ﷺ نمبر۔ (ضمیمہ) ستمبر اکتوبر۔ مدیر شفیق بریلوی۔ صفحات ۶۴۔ نظم و نثر کے ۳۲ مضامین شامل اشاعت ہیں۔

۱۹۶۳

☆ ۳۳ - ثنائے حبیب ﷺ۔ حصّہ اوّل۔ محمد علی ظہوری۔ مطبوعہ قصور۔

صفحات ۴۸ (بار دوم)۔ اردو، فارسی، پنجابی نعتیں اور چند مناقب بھی ہیں

☆ ۳۴ - "سیر و سفر" ملتان۔ نعت نمبر۔ میں نے یہ نمبر نہیں دیکھا۔ ڈاکٹر ریاض مجید کے بقول، اس کا دائرہ بھی نعتیہ انتخاب تک محدود ہے

☆ ۳۵ - ماہنامہ "ماہِ نو" کراچی۔ اشاعتِ خاص "سیرتِ رسول ﷺ"۔ جولائی اگست۔ جلد ۱۶۔ شمارہ ۷، ۸۔ مدیر ظفر قریشی۔ صفحات ۲۲۸۔ ۴۳ نعتیں ہیں

☆ ۳۶ - ماہنامہ "خاتونِ پاکستان" کراچی۔ رسول ﷺ نمبر۔ حصہ اول۔ جلد ۱۵، شمارہ اول۔ مؤلف شفیق بریلوی۔ صفحات چار سو۔ عربی، فارسی، اردو کی ۶۶ نعتیں، علاقائی زبانوں میں ۵ شاعروں کی اور ۱۹ غیر مسلم شعرا کی نعتیں شاملِ اشاعت ہیں۔

☆ ۳۷ - ماہنامہ "آئینہ" لاہور۔ سیرت نمبر۔ اگست۔ صفحات ۹۴۔ گیارہ شعرا کی فارسی اور اردو نعتیں ہیں

☆ ۳۸ - نذرِ عقیدت۔ علی رضا صدیقی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۶۴

☆ ۳۹ - ہفت روزہ "چٹان" لاہور۔ رحمتہٌ للعالمین ﷺ نمبر۔ ۲۷ جولائی۔ ایڈیٹر شورش کاشمیری۔ بڑے سائز کے ۹۸ صفحات۔ ۱۳ نعتیں

☆ ۴۰ - ماہنامہ "خاتونِ پاکستان" کراچی۔ رسول ﷺ نمبر۔ حصۂ دوم۔ جلد ۱۵، شمارہ ۳۔ فروری / رمضان المبارک ۱۳۸۳ھ۔ ۲۰۸ صفحات۔ ۳۰ شعرا کی نعتیں

☆ ۴۱ - "خاتونِ پاکستان"۔ رسول ﷺ نمبر۔ ۱۹۶۴/ ۱۳۸۴ھ۔ ۹۹۲ صفحات حضرت ابو طالبؓ سے دورِ حاضر تک کے ۱۷۲ نعت گوؤں کی نعتیں ہیں ("خاتونِ پاکستان" کے رسول ﷺ نمبر کا حصۂ اول اگست ۱۹۶۳ میں اور حصۂ دوم فروری ۱۹۶۴ میں شائع ہوا تھا۔ دونوں حصے بالترتیب ۴۰۰، اور ۲۰۸ صفحات پر مشتمل تھے۔ زیرِ نظر خاص نمبر ان دونوں سے مختلف معلوم ہوتا ہے۔ اگرچہ ۱۴ مضامین اور بہت سی نعتیں اس میں وہی ہیں جو محولہ بالا حصۂ اول دوم میں شامل تھیں)

☆ ۴۲ - مقبول نعتیں۔ محشر بدایونی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۶۵

☆ ۴۳ - فانوسِ رحمت۔ انجمنِ فانوسِ ادب، کراچی

☆ ۴۴ - میلادُ النبی ﷺ۔ سیّد مُنیر علی جعفری۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۶۶

☆ ۴۵ - نقشِ سعادت۔ ڈاکٹر سیّد ابُوالخیر کشفی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۶۷

☆ ۴۶ - نوائے سروش۔ نثار احمد۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۴۷ - "آئینہ" سیرت نمبر۔ جلد ۱۲۔ شمارہ ۷۔ ۲۱ نعتیں ہیں

۱۹۶۹

☆ ۴۸ - ماہنامہ "سیّارہ" لاہور۔ سفرِ حجاز نمبر۔ جلد ۱۴۔ شمارہ ۱۔ جنوری/شوّال ۱۳۸۸ھ۔ اس اشاعت میں مدیرِ سیارہ نعیم صدیقی کی سفرِ حجاز کے حوالے سے ۲۷ نعتیہ منظومات ہیں

☆ ۴۹ - نوائے سروش۔ محمد اطاعت اللہ صدیقی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۷۱

☆ ۵۰ - نعتِ رسول ﷺ۔ فیروز سنز لمیٹڈ۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۹۶۔ معیاری نعتیں شاملِ انتخاب ہیں

۱۹۷۲

☆ ۵۱ - گلدستۂ نقشبندی۔ محمد بشیر نقشبندی۔ مطبوعہ فیصل آباد

☆ ۵۲ - ماہنامہ "محبُوب" لاہور۔ نعت نمبر۔ مئی / ربیع الاوّل ۱۳۹۲ھ۔ جلد ۱۔ شمارہ ۱۔ مدیرِ اعلیٰ صائم چشتی۔ مدیر احمد علی (قائد) شرقپوری۔ صفحات ۹۶۔ ۷۳ نعتیں

☆ ۵۳ - ماہنامہ "بصیر" کراچی۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ ایڈیشن۔ جلد ۲، شمارہ ۵۔ مئی۔ مدیر ظفر حمید۔ صفحات ۱۳۰۔ ۱۸ نعتیں

☆ ۵۴ - بصیر۔ رسولِ پاک ﷺ نمبر۔ حصۂ اول۔ جلد ۲۔ شمارہ ۹۔ صفحات ۱۹۶۔ ۳۳ نعتیں

☆ ۵۵ - بصیر۔ رسولِ پاک ﷺ نمبر۔ حصۂ دُوم۔ اکتوبر نومبر۔ صفحات ۱۷۰۔ ۲۵ نعتیں

☆ ۵۶ - ماہنامہ "ضیائے حرم" بھیرہ۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۲، شمارہ ۸۔ مئی۔ ۲۴۰ صفحات۔ ۲۳ نعتیں

۱۹۷۳

☆ ۵۷ - مدحِ رسول ﷺ۔ راجا رشید محمودؔ۔ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور۔ صفحات ۱۹۸۔ حصۂ اول میں کم عمر بچوں کی ذہنی استعداد کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور دوسرے حصے میں ایسی نعتیں شامل کی گئی ہیں جنھیں ثانوی اور اعلیٰ ثانوی جماعتوں کے طالب علم سمجھ سکیں۔ پہلے حصے میں ۷۱، دوسرے میں ۸۴ نعتیں ہیں۔

☆ ۵۸ - ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ" لاہور۔ رسول ﷺ نمبر۔ جلد اوّل (میرے پاس تیسرا ایڈیشن ہے جس پر تاریخِ اشاعت درج نہیں ہے۔ محمد سلیمان نے اپنے ایم اے کے مقالے میں لکھا ہے کہ یہ پہلی بار ۱۹۷۳ میں چھپا، دوسرا ایڈیشن ۱۹۸۵ میں شائع ہوا۔ مدیرِ اعلیٰ سیّد قاسم محمود۔ صفحات ۷۲۴۔ ۲۴ نعتیں

☆ ۵۹ - ضیائے حرم" لاہور۔ سیرتُ النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نمبر۔ مئی / ربیع الاوّل ۱۳۹۳ھ۔ مدیرِ اعلیٰ پیر محمد کرم شاہ۔ صفحات ۲۰۸۔ ۳۶ نعتیں

☆ ۶۰ - ہندُو شعرا کا نذرانۂ عقیدت۔ مکتبۂ رضائے مصطفیٰ ﷺ گوجرانوالہ

(غوث میاں نے کتاب کا نام صرف "نذرانۂ عقیدت" اور مؤلف کا نام ابوداؤد محمد صادق لکھا ہے)۔ صفحات ۳۲ ہیں۔

۱۹۷۴

☆ ۶۱ - اردو کی نعتیہ شاعری۔ ڈاکٹر فرمان فتحپوری۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۲۰۸۔ صفحہ ۱۲۰ سے ۱۲۷ تک عربی و فارسی اور ۲۰۸ تک اردو نعتوں کا انتخاب ہے

☆ ۶۲ - ماہنامہ "مرچنٹ" لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۳، شمارہ ۱۲۔ اپریل۔ ایڈیٹر شیخ صفدر علی۔ صفحات ۶۴۔ ۳۵ نعتیں (بعد میں اسی رسالے کا نام "شام وسحر" ٹھہرا)

☆ ۶۳ - صہبائے حرم۔ سہیل اختر۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۶۴ - مدحتِ مصطفیٰ ﷺ۔ قاری مصلح الدین صدیقی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۷۵

☆ ۶۵ - ارمغانِ نعت۔ شفیق بریلوی۔ مرکزِ علومِ اسلامیہ، کراچی۔ مارچ۔ صفحات ۳۶۰۔ (ایک نسخہ جو طبعِ سوم بہ ترتیبِ نو ہے، اس کے صفحات ۳۸۴ ہیں، شفیق بریلوی مرحوم نے ۲۷ فروری ۱۹۸۰ کو مجھے دیا۔ اس کی جلد پر ناشر کا نام مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی لکھا ہے مگر اندرونی سرورق پر نفیس اکیڈمی، کراچی رقم ہے)۔ یہ زمانی ترتیب سے چودہ سو سالہ نعتوں کا انتخاب ہے۔ عربی، فارسی اور اردو نعتیں الگ الگ حصّوں میں نہیں ہیں، بس زمانی ترتیب کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ آخر میں علاقائی زبانوں میں بھی کچھ نعتیں شامل کی گئی ہیں اور غیر مسلموں کی ۱۳ نعتیں بھی ہیں۔ انتخاب اچھا ہے لیکن بعض نامور نعت گو اس میں شامل نہیں۔ مثلاً حافظ مظہرالدین، جن کو شامل کیے بغیر نعت گوئی کا کوئی تذکرہ، کوئی انتخاب مکمل نہیں کہلا سکتا۔ "ارمغانِ نعت" کے پہلے ایڈیشن میں حفیظ تائب بھی نہیں تھے لیکن انھیں تو بعد میں شامل کر لیا گیا۔

☆ ۶۶ - اَغثنی یا رسولَ اللہ (ﷺ)۔ محمد منشا تابش قصوری۔ مطبوعہ لاہور۔

کتاب میں "یا رسولَ اللہ" (ﷺ) ردیف کی عربی، فارسی، اردو، پنجابی، سرائیکی، سندھی، ہندی اور ترکی نعتیں شامل ہیں۔ اردو نعتیں ۵۸ ہیں

☆ ۶۷ - خیرالبشر (ﷺ) کے حضور میں۔ ممتاز حسن۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۲۸۸۔ کتاب میں ۱۳۲۔ اردو شعرا کی نعتوں کا انتخاب ہے

☆ ۶۸ - ماہنامہ "شام و سحر" لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۱، شمارہ ۳۔ مدیر شیخ صفدر علی۔ نگران خالدؔ شفیق۔ صفحات ۹۶۔ ۱۷ نعتیں

☆ ۶۹ - "ضیائے حرم" لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۵۔ شمارہ ۶۔ مارچ۔ دس نعتیں

۱۹۷۶

☆ ۷۰ - صحیفۂ نعت۔ اکبرؔ غالبی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۷۱ - ماہنامہ "شام و سحر" لاہور۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۲۔ شمارہ ۳۔ مارچ۔ ۹۶ صفحات۔ ۲۲ نعتیں

☆ ۷۲ - "ضیائے حرم" لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ مارچ۔ جلد ۶، شمارہ ۵۔ صفحات ۹۶۔ دس نعتیں

۱۹۷۷

☆ ۷۳ - نعتِ خیرالبشر ﷺ۔ سیّد فیضیؔ۔ مطبوعہ اسلام آباد۔ صفحات ۸۶۔ یہ دراصل ۲۱ فروری ۱۹۷۷ کو لیاقت میموریل ہال، لیاقت باغ، راولپنڈی میں ہونے والے کُل پاکستان نعتیہ مشاعرے میں پڑھی گئی نعتوں کا انتخاب ہے۔ اس میں ۳۵ نعتیں ہیں۔ ہر نعت کے ساتھ شاعر کا مختصر تعارُف بھی ہے

☆ ۷۴ - میلادُ النبی ﷺ۔ اُمِّ زُبیر۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۷۶۔ صفحہ ۱۲۸ سے آخر تک نعتیہ انتخاب ہے جس میں سرودِ رفتگاں، سرودِ حاضر اور سرودِ سحر کی تین فصلیں قائم کی گئی ہیں۔ ان تین فصلوں میں ۳۸ شعرا کی نعتیں ہیں۔ پہلی فصل

"سرودِ رفتگاں" میں میرانیس، حالی، شبلی، علامہ اقبال، محمد علی جوہر، ظفر علی خاں، سیّد سلیمان ندوی، نوح ناروی، شفیق جونپوری، شکیل بدایونی، اقبال سہیل، نصراللہ خاں عزیز، عامر عثمانی اور بہزاد لکھنوی کی ۔ ۔ ۔ دوسری فصل "سرودِ حاضر" میں ماہر القادری، حفیظ جالندھری، احمد ندیم قاسمی، احسان دانش، نعیم صدیقی، عبدالعزیز خالد، مظہرالدین، اقبال صفی پوری، غافل کرنالی، فروغ احمد، حفیظ تائب، علیم ناصری، اعجاز رحمانی، عابد نظامی، قمر میرٹھی، نظر زیدی اور راز کاشمیری کی ۔ ۔ ۔ اور تیسری فصل "سرودِ سحر" میں شمس نوید عثمانی، وحیدہ نسیم، نصیر، صدر الدین صدر، عزیز صفی پوری، شعلہ اور نجم منور علی کی نعتیں ہیں۔ (غوث میاں نے اسے ۱۹۷۸ میں لکھا ہے۔ تازہ ترین فہرست میں انہوں نے "بارِ دوم" تحریر کیا ہے (نعت رنگ۔ تنقید نمبر۔ ص ۱۱۲)

☆ ۷۵ - "شام و سحر" لاہور۔ عیدِ میلاد النبی ﷺ نمبر۔ مارچ۔ جلد ۳، شمارہ ۳۔ صفحات ۸۸۔ ۲۸ شعرا کی نعتیں شاملِ اشاعت ہیں

۱۹۷۸

☆ ۷۶ - گلدستۂ نعت۔ ضیا محمد ضیا و طاہر شادانی۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۲۴۰۔ ذکرِ میلاد کے عنوان سے ۱۶ میلادیہ نعتیں، گلہائے نعت کے عنوان سے ۹۲، ایسی نعتیں جن میں حضور ﷺ کا ذکرِ خیر ہے، بحضورِ رسالت کے عنوان سے ۴۶، ایسی نعتیں جن میں آقا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے خطاب کیا گیا ہے۔ معراجُ النبی ﷺ کے حوالے سے ۱۵ نعتیں، ۲۲ سلام ہیں اور آخر میں ۹ نعتیں "انتظاریہ" کے عنوان سے شامل ہیں

☆ ۷۷ - نغمۂ محبوب۔ محمد رفیق قادری رضوی۔ مطبوعہ ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔ صفحات ۹۶۔ میرے پیشِ نظر دوسرا ایڈیشن ہے۔ کتاب میں اردو اور پنجابی نعتیں ہیں

☆ ۷۸ - مجلّہ "صریرِ خامہ" شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد۔ مُرتّب حمایت علی شاعر۔ رمضان ۱۳۹۸ھ۔ خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رحمہ اللہ سے ماہر القادری تک

۱۱۲ شعرا کی ایک ایک نعت، اور نعت گو کا تعارف دیا گیا ہے۔

مُرتّب نے لکھا ہے کہ "رسائل کی دنیا میں صریرِ خامہ کو "نعت نمبر" کی اوّلیّت کا شرف حاصل ہُوا ہے"۔ حقیقت یہ ہے کہ نعت نمبر کے نام سے چھپنے والا یہ پہلا خاص نمبر نہیں ہے، البتہ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس سے پہلے شائع ہونے والے نعت نمبروں میں کسی ترتیب کے بغیر کچھ نعتیں دی گئی ہیں جبکہ زیرِ نظر نعت نمبر میں نعت کی تاریخ مُرتّب کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

☆ ۷۹ - پندرہ روزہ "الایمان" لاہور۔ یکم و پندرہ اپریل۔ چیف ایڈیٹر بشیر حسین قریشی۔ صفحات ۴۰۔ ۱۸ نعتیں

☆ ۸۰ - مجلّہ "رحمۃٌ للعالمین ﷺ"۔ ربیع الاول ۱۳۹۸ھ۔ مُرتّب سیّد مُنیر علی جعفری۔ صفحات ۴۸۔ دس نعتیں

☆ ۸۱ - ماہنامہ "شام و سحر" لاہور۔ جلد ۴۔ شمارہ ۲۔ فروری۔ صفحات ۸۸۔ ۲۵ نعتیں

☆ ۸۲ - مجلّہ "مہک" گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ۔ اشاعتِ خاص "نذرانۂ عقیدت بحضورِ سرورِ کونین ﷺ"۔ صفحات ۳۴۰۔ مُرتّب پروفیسر محمد اقبال جاوید۔ شہیدی سے ماہر القادری تک ۴۸۔ اُردو نعتوں کے منتخبات اور گیارہ دیگر نعتوں کے علاوہ ۲۷ غیر مسلم شعرا کی نعتیں ہیں۔ رسالے پر سنِ اشاعت درج نہیں۔ محمد سلیمان نے اپنے ایم اے کے مقالے (پنجاب یونیورسٹی) میں ۱۹۷۸ لکھا ہے۔

☆ ۸۳ - نغمۂ محبوب (بار چہارم)۔ سید خالد حفیظ۔ مطبوعہ فیصل آباد

۱۹۷۹

☆ ۸۴ - مخزنِ نعت۔ محمد اقبال جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۲۹۴۔ سرورق پر لکھا ہے "قدیم و جدید شعرا کے گل ہائے عقیدت"۔ اس انتخاب کی بنیادی خصوصیت یہ ہے کہ جو نعتیں شاملِ کتاب ہیں، ان کے ساتھ حاشیے میں قرآنی، علمی اور تاریخی اشارات دیے گئے ہیں۔ عربی کی کچھ نعتوں کے بعد فارسی کی ۲۲، اور اردو کے ۲۹ شعرا

کی نعتیں ہیں۔ یہ نعتیں "نغماتِ سرمدی۔۔۔ تبرّکات" کے عنوان سے دی گئی ہیں۔
پھر "مسلکِ عقیدت" کے عنوان سے جدید اُردو شعرا کے گُل ہائے نعت شامل ہیں۔
نعتوں کی ترتیب ردیف وار ہے۔ یہ ۱۳۳ نعتیں ہیں۔ پھر "اعترافِ عظمت" کے
عنوان کے تحت ۱۶ غیر مسلم شعرا کا اظہارِ عقیدت ہے۔ آخر میں "خصوصی
نگارشات" کے زیرِ عنوان ۱۹ منظومات ہیں۔

☆ ۸۵ - خاصۂ خاصانِ رُسُل ﷺ۔ ادارۂ علم و فن' پاکستان۔ مطبوعہ پشاور

☆ ۸۶ - ماہنامہ "اظہار" کراچی۔ سیرت نمبر۔ جلد ۱۔ شمارہ ۸۔ فروری۔ صفحات ۴۰۔
۲۳ نعتیں

☆ ۸۷ - ہفت روزہ "اُفُق" کراچی۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ ایڈیشن۔ جلد ۲' شمارہ
۶' ۷۔ ۸ تا ۱۸ فروری۔ بڑے سائز کے ۲۶ صفحات۔ دس نعتیں

☆ ۸۸ - "شام و سحر" لاہور۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۵۔ شمارہ ۲۔ فروری۔
صفحات ۹۶۔ ۳۴ نعتیں

۱۹۸۰

☆ ۸۹ - ماہنامہ "اظہار" کراچی۔ سیرت نمبر۔ جلد ۲۔ شمارہ ۷' ۸۔ جنوری فروری۔
ایڈیٹر کریم بخش خالد۔ صفحہ ۱۳۶ تک سیرت کے موضوع پر مضامینِ نظم و نثر ہیں۔ ۶۵
نعتیں ہیں۔

☆ ۹۰ - مجلّہ "اقرا" گورنمنٹ ایم اے او کالج' لاہور۔ سیرت نمبر۔ جلد ۵۔ شمارہ ۲۔
مدیر حفیظ صدیقی۔ صفحات ۲۸۰۔ ۴ حمدیں' ۲۳ نعتیہ نظمیں اور ۸۵ نعتیں ہیں۔

☆ ۹۱ - ماہنامہ "البشر" لاہور۔ ہادئ انسانیت ﷺ نمبر۔ فروری۔ ایڈیٹر جاوید
نقوی۔ صفحات ۱۱۴۔ دس اردو اور ایک پنجابی نعت

☆ ۹۲ - "شام و سحر" لاہور۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ فروری۔ صفحات ۱۰۴۔ ایک
دعا' چھ غیر مُسلم شعرا کا نعتیہ کلام اور ۴۴ دیگر نعتیں ہیں

☆ ۹۳ - منتخب نعتیں۔ ایم جیم انصاری۔ مطبوعہ کراچی (اس نام سے تابش صدیقی کی
مرتّبہ کتاب راولپنڈی سے' ضیا ساجد کی لاہور سے چھپی۔ جہانگیر بک ڈپو لاہور نے
اسی نام سے ایک اور کتاب شائع کی۔ شہزاد احمد نے "منتخب نعتیں حضرت ستّار
وارثی" کے نام سے ایک انتخاب کراچی سے شائع کیا)

۱۹۸۱

☆ ۹۴ - مدینۂ نعت۔ نیّر ندیم۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۱۴۳۔ کتاب میں ۱۱۰ شعرا کی
نعتیں ہیں۔ انتخاب بڑی حد تک معیاری ہے

☆ ۹۵ - صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ (ﷺ)۔ میر واصف علی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۹۶ - جواہر النّعت۔ عزیز صابری (عزیز احسن)۔ مطبوعہ کراچی۔ عہدِ حاضر کے
شعرا کا نعتیہ کلام۔ صفحات ۲۴۰۔ ایک مناجات' ۱۳۴ نعتیں

☆ ۹۷ - ماہنامہ "شام و سحر" لاہور۔ نعت نمبر (۱)۔ مدیر خالد بٹ (خالد شفیق) جلد
۷۔ شمارہ ۱' ۲۔ جنوری فروری۔ صفحات ۴۰۰۔ ایک حمد اور ۱۱۰ شعرا کی ۱۴۲۔ اردو
نعتیں' اور ۱۸ شعرا کی ۲۲ پنجابی نعتیں شامل ہیں۔

☆ ۹۸ - مجلّہ "کارواں" گورنمنٹ کالج جھنگ۔ نعت نمبر۔ مرتّب و مُدیرِ اعلیٰ پروفیسر
محمد حیات خان سیال۔ جُز اول میں ضلع جھنگ کے شعرا کی ۵۹ نعتیں ہیں۔ جُز دوم میں
کالج اساتذہ کی ۴۴ نعتیں ہیں۔ تیسرے حصے "کروان" میں ۳۸ پنجابی نعتیں ہیں۔
صفحات ۱۶۸ ہیں

☆ ۹۹ - مجلّہ "شاعری" راولپنڈی۔ نعت نمبر۔ مدیرِ اعلیٰ اعزازی اختر امام رضوی۔
صفحات ۸۰۔ حضرت ابو طالب ؓ سے محمد اجمل نیازی تک ۶۶ شعرا کی نعتیں
ہیں جن کی ترتیب بہ اعتبارِ عہد ہے

☆ ۱۰۰ - مجلّہ "راوی" گورنمنٹ کالج لاہور۔ پندرھویں صدی ہجری کے حوالے
سے یہ خصوصی نمبر ڈاکٹر سیّد معین الرحمان اور پروفیسر مُشرّف انصاری کی نگرانی میں

شائع ہوا جو فی الحقیقت سیرت رسول ﷺ ہی کا ایک دلآویز تذکرہ ہے۔ ۱۴ نعتیں ہیں۔

☆ ۱۰۱ – ماہنامہ "سلسبیل" لاہور۔ سیرتِ مصطفیٰ ﷺ نمبر۔ جلد ۲۰۔ شمارہ ۱۰، ۱۱۔ اکتوبر نومبر۔ ایڈیٹر حاجی فضل احمد۔ صفحات ۴۰۰۔ گیارہ نعتیں (یہ نمبر صحیح معنوں میں "سیرت نمبر" کہلانے کا حق دار ہے)

☆ ۱۰۲ – "ضیائے حرم" لاہور۔ جنوری/ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ۔ مدیرِ اعلیٰ پیر محمد کرم شاہ۔ گیارہ نعتیں

☆ ۱۰۳ – ماہنامہ "محفل" لاہور۔ خیر البشر ﷺ نمبر۔ مارچ۔ مدیرِ اعلیٰ طفیلؔ ہوشیارپوری۔ مُدیر یزدانیؔ جالندھری۔ صفحات ۲۴۲۔ ۶۸ نعتیں، ۱۴ نعتیہ رباعیات

☆ ۱۰۴ – پنجابی نعت۔ حفیظ تائبؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ جون ۱۹۸۱۔ صفحات ۱۷۶۔ ۱۱۱ نعتیں۔

۱۹۸۲

☆ ۱۰۵ – نعتِ خاتمُ المرسلین ﷺ۔ راجا رشید محمودؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۸۴۔ شعرا کے تخلّص کے لحاظ سے حروفِ تہجّی کی ترتیب سے نعتیں شاملِ انتخاب ہیں۔ مقدّمے میں کہا گیا۔ "شعرا کے انتخاب کا مسئلہ بڑا ٹیڑھا ہے۔ آدمی کی ذاتی پسند و ناپسند ہی معیار ٹھہرتی ہے لیکن اہلِ نظر محسوس کریں گے کہ "نعتِ خاتم المرسلین ﷺ" میں جہاں آج کے دور کے نعت گوؤں کی نمایندگی ہے، وہاں اس میں نعت کے پھیلتے ہوئے کینوس کے ساتھ ایسی نعتیں ہیں جن میں نعت کے لیے ضروری رکھ رکھاؤ اور التزام کا اہتمام موجود ہے۔"

☆ ۱۰۶ – نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ یامینؔ وارثی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۱۳۲۔ ایک سو بتیس نعتیں ہیں۔ بنیادی طور پر نعت خوانی کی محافل کے لیے نعتیں جمع کی گئی ہیں

☆ ۱۰۷ – ہفت روزہ "الہام" بہاولپور۔ جلد ۴۲۔ شمارہ ۴۵۔ ۷ دسمبر۔ مدیر مسعود

حسن شہابؔ دہلوی۔ ۱۴۴ صفحات۔ ۳۸ نعتیں

☆ ۱۰۸ – "شام و سحر" لاہور۔ نعت نمبر۔ نقشِ ثانی۔ مدیر خالد بٹ (خالدؔ شفیق)۔ جلد ۸۔ شمارہ ۱، ۲۔ جنوری فروری۔ ایک حمد، ۶ نعتیہ قصائد، ۸ نعتیہ نظمیں، ۶ منظوم اردو سراپائے مبارک اور ایک پنجابی سراپا ہے۔ اس کے علاوہ ۷۹ شعرا کی ۱۵۶ اردو نعتیں ہیں۔ نیز ۱۸ شعرا کی ۳۱ پنجابی نعتیں ہیں

☆ ۱۰۹ – "اظہار" کراچی۔ سیرت نمبر۔ جلد ۴۔ شمارہ ۷۔ جنوری۔ مدیر کریم بخش خالدؔ۔ صفحات ۶۴۔ صفحہ ۵۷ تک سیرت کے مضامینِ نظم و نثر ہیں۔ تین حمدیں، ۳۱ نعتیں اور امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کا قصیدہ بُردہ اور اس کا منظوم اردو ترجمہ از عبداللہ ہلالؔ صدیقی شاملِ اشاعت ہیں

☆ ۱۱۰ – "اظہار" کراچی۔ سیرت نمبر۔ جلد ۵۔ شمارہ ۶۔ دسمبر۔ ۸۸ صفحات کے اس رسالے کے ۵۱ صفحات ذکرِ سرکارِ والاتبار ﷺ کے لیے مختص ہیں۔ چار حمدیں، ۳۳ نعتیں

☆ ۱۱۱ – "الہام" بہاول پور۔ میلادِ مصطفیٰ ﷺ نمبر۔ جلد ۴۲۔ شمارہ ۳۔ ۲۱ جنوری۔ صفحات ۲۲۸۔ ۴۶، اردو اور ایک سندھی نعت

☆ ۱۱۲ – "ضیائے حرم" لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ مدیرِ اعلیٰ محمد امین الحسنات شاہ، جلد ۱۳۔ شمارہ ۴۔ حافظ مظہرؔ الدین کی ۲۴ غیر مطبوعہ نعتیں "میزاب" کے عنوان سے شائع کی گئیں۔ ایک اور نعت بھی شاملِ اشاعت ہے۔

۱۹۸۳

☆ ۱۱۳ – منتخب نعتیں ۸۱، ۸۲۔ تابشؔ صدیقی۔ مطبوعہ راولپنڈی۔ صفحات ۲۱۲۔ ۸۲، ۱۹۸۱ کے دوران میں شائع ہونے والی نعتوں کا معیاری انتخاب ہے۔ طباعت اچھی نہیں۔ ۱۱۰ نعتیں ہیں۔ شاعروں کی ترتیب حروفِ تہجّی کے لحاظ سے ہے

☆ ۱۱۴ – مجموعۂ نعت۔ سیّد محمد عثمان پیر زادہ۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۲۱۵۔ اس کا

پیش لفظ راقم السطور نے لکھا تھا۔ انتخاب میں حُسنِ ترتیب کا فقدان ہے۔ پنجابی اور اردو نعتوں کو بھی خلط ملط کر دیا گیا ہے

☆ ۱۱۵ ۔ گُلِ چیدہ۔ حفیظ تائبؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۶۴۔ دس شعرا کی نعتوں کا انتخاب ہے۔ ساتھ میں شعرا کا تعارف بھی دیا گیا ہے

☆ ۱۱۶ ۔ وَرَفَعنَالَکَ ذِکرَکَ۔ سیّد انجم جعفری۔ مطبوعہ میانوالی۔ صفحات ۱۱۲۔ کتاب میں ضلع کے مختلف مقامات میں مقیم شعرا کی ۷۵ نعتیں اور چند نعتیہ قطعات شامل ہیں۔ اس انداز میں کسی خاص مقام یا ضلع کے شاعروں کی نعتوں کو جمع کرنے سے سارا کلام معیاری ہو ہی نہیں سکتا۔ (۱۹۷۷ء میں "ور فعنالک ذکرک" کے تاریخی نام۔ ۱۳۹۷ھ ۔۔۔۔۔ سے میرا ایک مجموعۂ نعت شائع ہو چکا تھا)

☆ ۱۱۷ ۔ شانِ محمد ﷺ۔ محبّت خان بنگش۔ مطبوعہ کوہاٹ۔ اس میں کوہاٹ کے شاعروں کا حضور رسولِ انام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دربارِ پُرانوار میں نعتیہ نذرانہ ء عقیدت ہے۔ کتاب ۱۷۱ صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں ۲۴ شعرا کی نعتیں ہیں۔ (صفحہ ۲ پر خاصے جلی الفاظ میں سنِ طباعت ۱۹۸۳ درج ہے لیکن غوث میاں نے اسے ۱۹۸۴ میں لکھا ہے)

☆ ۱۱۸ ۔ "شام و سحر" لاہور۔ نعت نمبر ۳۔ جلد ۹۔ شمارہ ۱، ۲۔ جنوری فروری۔ مدیر خالد بٹ (خالد شفیق)۔ صفحات ۳۶۰۔ دو حمدیں، ۹۳ شعرکی ۱۹۸۔ اردو نعتیں، دس نعتیہ نظمیں، ایک قصیدہ اور ایک سراپا بھی ہے۔ ۱۴ شعرا کی ۲۴ پنجابی نعتیں، تین پنجابی نعتیہ نظمیں اور تین شعرا کی دس پنجابی آزاد نعتیہ نظمیں بھی دی گئی ہیں

☆ ۱۱۹ ۔ "ضیائے حرم" لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۱۴۔ شمارہ ۳۔ صفحات ۱۱۲۔ دس نعتیں ہیں

☆ ۱۲۰ ۔ تنویرِ مصطفیٰ ﷺ۔ یامینؔ وارثی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۱۲۱ ۔ میلادِ رحیم۔ عبدالرحیم دہلوی۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۸۴

☆ ۱۲۲ ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ۔ فاضل حمیدی۔ مطبوعہ شہداد پور

☆ ۱۲۳ ۔ ثنائے مصطفیٰ ﷺ۔ اکمل اویسی پیرزادہ۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۹۶۔ اردو اور پنجابی مِلی جُلی نعتیں ہیں

☆ ۱۲۴ ۔ ماہنامہ "تحریریں" لاہور۔ نعت نمبر ۱۔ جلد ۱۴، شمارہ ۳، ۴۔ مارچ اپریل۔ صفحات ۹۶۔ ایڈیٹر زاہدہ صدیقی۔ تین شعرا کی حمدیں، ۲۵۔ اردو شعرا کی ۵۳ نعتیں (ایک نعتیہ قصیدہ) اور دو پنجابی نعتیں ہیں۔ عارفؔ عبدالمتین کا مضمون "جدید اردو نعت" اور شاہدہ صدیقی کا مضمون "نعت گوئی اور شعری روایت" بھی شاملِ اشاعت ہیں

☆ ۱۲۵ ۔ مجلّہ "لفظ ہمارے" لودھراں۔ جون ۱۹۸۴۔ مُرتّب مبشّر وسیم لودھی۔ صفحات ۱۱۲۔ ایک حمد، ایک نعتیہ مسدس، ۸۵ نعتیں اور دو قطعات ہیں۔ نعت کے بارے میں ۵ مضامین اور احمد ندیمؔ قاسمی، حفیظ تائبؔ، عبدالحمید عدمؔ، مظفر وارثی، خیالؔ امروہوی اور سیف زلفیؔ کی نعتیہ شاعری پر مضامین شاملِ اشاعت ہیں

☆ ۱۲۶ ۔ مجلّہ "نقوش" لاہور۔ رسول ﷺ نمبر۔ جلد دہم۔ مدیر محمد طفیل۔ شمارہ ۱۳۰ (جنوری) صفحات ۷۵۶۔ انتخابِ نعتِ عربی میں ۴۲ شاعروں کا کلام اور انتخابِ نعتِ فارسی میں ۵۱ شاعروں کا کلام ہے۔ اُردو کے حوالے سے درود و سلام کے زیرِ عنوان ۲۶، قصائد کے تحت ۱۸، مثنوی کے تحت ۱۵، مسدّس مخمّس کے تحت ۱۱، نظموں کے تحت ۱۱، آزاد نظم کے تحت ۳، تضمین کے تحت ۷، رباعیات و قطعات کے تحت ۱۱، متعلقات کے عنوان سے ۲۵، اور نعتیہ غزل کے عنوان سے ۱۲۶ نعتیں اشاعت ہیں۔ مضامین میں نعت، لغوی مفہوم (ڈاکٹر ریاض مجید) اردو کی نعتیہ شاعری پر قرآن و حدیث کے اثرات (ڈاکٹر شاکر علیمی) اردو کے نعتیہ گلدستے (ڈاکٹر فضلِ حق خورشید) عربی زبان میں نعتیہ کلام (حکیم محمد یحییٰ خاں شفاؔ) فارسی زبان میں نعتیہ کلام (ڈاکٹر عبدالحمید یزدانی) اور اردو زبان میں نعتیہ کلام (حفیظ تائبؔ) شامل ہیں۔

☆ ۱۲۷ ۔ "اظہار" کراچی۔ سیرت نمبر۔ جلد ۷، شمارہ ۶۔ دسمبر۔ مرتب کریم بخش

خالد۔ صفحات ۸۸۔ تین حمدیں اور ۵۱ نعتیں ہیں۔

☆ ۱۲۸ – "مُسلمہ" لاہور۔ سیرت النبی ﷺ نمبر۔ دسمبر ۱۹۸۳ء جنوری ۱۹۸۴۔ صفحات ۲۳۸۔ پرچے کے بیشتر مضامین منتخبہ ہیں، بطورِ خاص نہیں لکھوائے گئے۔ حصہ نعت صفحہ ۱۴۶ سے آخر تک پھیلا ہوا ہے۔ اس حصے میں امیر خسروؔ، داغ دہلوی، خالد بزمیؔ اور حفیظ تائبؔ کے نام سے جو منظومات ملتی ہیں، ان میں سے کون کون سی ان کی ہیں، کون سی نہیں، کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ دس حمدیں، ۵۹ نعتیں اور ۳۳ مضامین ہیں۔

☆ ۱۲۹ – روزنامہ "امروز" لاہور۔ رحمۃٌ للعالمین ﷺ نمبر۔ ۶ دسمبر۔ بڑے سائز کے ۴۸ صفحات۔ مدیر سعید بدرؔ۔ ۳۲ نعتیں ہیں۔ یہ خاص نمبر بوجوہ اس قابل ہے کہ اس کا بطورِ خاص ذکر کیا جائے ورنہ قریباً" ہر روزنامہ ہر سال عیدِ میلادُ النبی ﷺ کے موقع پر خاص نمبر چھاپتا ہی ہے۔

☆ ۱۳۰ – "شام و سحر" لاہور۔ سیرت نمبر۔ جنوری فروری۔ صفحات ۲۳۲۔ یہ سیرت نمبر صحیح معنوں میں سیرت نمبر ہے۔ دو حمدیں، آٹھ منظوم واقعاتِ سیرت۔ ۱۷، اردو اور دس پنجابی نعتیں ہیں۔

☆ ۱۳۱ – ماہنامہ "ندائے دین" کراچی۔ انوارِ نبوت نمبر۔ دسمبر۔ جلد ۴، شمارہ ۴۸۔ مدیر حکیم غلام رسول مجددی۔ صفحات ۱۱۲۔ ایک حمد اور دس نعتیں ہیں

☆ ۱۳۲ – مدحتِ مصطفیٰ ﷺ۔ محمد ہارون کاسمانی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۱۳۳ – نعت ہی نعت۔ سہیلؔ غازی پوری۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۱۳۴ – نعتِ حبیب ﷺ۔ گُلِ نسرین۔ مطبوعہ کراچی

۱۹۸۵

☆ ۱۳۵ – بزمِ رسالت۔ حاجی گل بخشالوی۔ ناشر قلم قبیلہ کھاریاں ضلع گجرات۔ صفحات ۲۵۴۔ یہ ایسا انتخابِ نعت ہے جس میں ملک کے مختلف علاقوں کے شاعروں

کی نمائندگی نظر آتی ہے بلکہ بیرونِ ملک مقیم اردو کے شعرا کی نعتیں بھی شامل ہیں۔ اس انتخاب میں اکثر معیار دکھائی نہیں دیتا ہے۔ اس انتخاب کی خصوصیت یہ ہے کہ ہر نعت کے آخر میں شاعر کا پتا بھی تحریر کر دیا گیا ہے۔ کتابت اور طباعت معیاری نہیں۔ ۲۳۰ شعرا کی نعتیں ہیں

☆ ۱۳۶ – انوارِ حرمین۔ صدیق اسماعیل۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۲۰۸۔ اس میں عربی، فارسی، اردو، پنجابی، پشتو، سندھی، گجراتی، بلوچی زبانوں میں نعتیں ہیں لیکن کسی ترتیب سے نہیں۔ کتابت گوارا، طباعت اور کاغذ اچھا ہے۔ آخر میں نماز کے متعلق دو نظمیں بھی ہیں

☆ ۱۳۷ – نورِ مصطفیٰ ﷺ۔ یامینؔ وارثی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۱۶۔ ۱۰۸ نعتیں ہیں

☆ ۱۳۸ – گُل ہائے عقیدت۔ قیصرؔ مشہدی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۱۴۴۔ شروع کے ۲۶ صفحات پر نعتوں کا انتخاب ہے

☆ ۱۳۹ – "تحریریں" لاہور۔ نعت نمبر ۲۔ جلد ۱۵۔ شمارہ ۱۔ جنوری۔ صفحات ۹۶۔ ایک حمد اور ۴۳ شعرا کی ۷۷۔ اردو نعتیں شاملِ اشاعت ہیں۔ آخر میں چار پنجابی نعتیں بھی ہیں

☆ ۱۴۰ – "تحریریں"۔ نعت نمبر ۳۔ جولائی اگست۔ جلد ۱۵، شمارہ ۷، ۸۔ صفحات ۴۰ ۔ ۳ حمدیں، ۲۹، اردو نعتیں اور دو پنجابی نعتیں ہیں

☆ ۱۴۱ – "شام و سحر" لاہور۔ نعت نمبر ۴۔ جنوری فروری۔ جلد ۱۱، شمارہ ۱، ۲۔ مدیر اعزازی خالدؔ شفیق۔ صفحات ۳۹۲۔ شروع میں دو حمدیں، حضرت حسّان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے دو اشعار کا منظوم ترجمہ اور "بلغ العلیٰ بکمالہ" کے دو منظوم ترجمے شائع کیے گئے ہیں۔ پھر ۷۵ شعرا کی ۱۵۱۔ اردو نعتوں کے علاوہ ۲۱ نعتیہ نظمیں ہیں۔ حصۂ پنجابی میں ۱۸ شعرا کی ۲۹ پنجابی نعتیں ہیں۔

ایڈیٹر "نعت" راجا رشید محمود (راقم) اور عبدالرحمان عاجز مالیر کوٹلوی نے ردیف "احمد صلی اللہ علیہ وسلم" کے ساتھ نعتیں کہی ہیں اور علامہ اختر الحامدی الضیائی نے "سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم" ردیف میں نعت کہی ہے۔

(بعد میں ماہنامہ "نعت" لاہور کے دو شماروں (اکتوبر ۱۹۸۹۔ اور نومبر ۱۹۸۹۔ "درود و سلام" حصہ اول و دوم) میں اسی ردیف کی ایک سو ایسی نعتیں جمع کی گئیں جو راز کاشمیری کی کتاب میں نہیں ہیں) (غوث میاں نے راز کاشمیری کی مرتبہ کتاب کو ۱۹۸۰ میں درج کیا ہے)

۱۴۰۱ھ

☆ ۳۱۶ ۔ مجلہ "میلاد نمبر ۱۴۰۱ھ" کراچی۔ یکم ربیع الاول۔ صفحات ۳۵۲۔ مرتب سید عالم۔ ایک حمد، عربی فارسی اور اردو کی ۲۷، اور علاقائی زبانوں کی گیارہ نعتیں ہیں

۱۴۰۲ھ

☆ ۳۱۷ ۔ مجلہ "میلاد نمبر ۱۴۰۲ھ"۔ حصہ دوم۔ یکم ربیع الاول۔ مرتب سید عالم۔ ایک حمد، ۱۳ نعتیں، ایک سندھی نعت اور دس مضامین سیرت ہیں جن میں "بارگاہِ

رسالت ﷺ کے نعت گو شعرا" بھی ہے۔

۱۴۰۴ھ

☆ ۳۱۸ - ثنائے خواجۂ کونین ﷺ۔ درد اسعدی۔ مطبوعہ حیدر آباد۔ صفحات ۲۷۔ اس میں حیدر آباد کے شعرا' اور استاد شاعر اسعد شاہجہانپوری کے تلامذہ کی نعتیں ہیں۔ (غوث میاں نے اسے ۱۹۸۴ میں درج کیا ہے)

۱۴۰۶ھ

☆ ۳۱۹ - جانِ رحمت۔ اخلاق عاطف۔ مطبوعہ سرگودھا۔ سن اشاعت درج نہیں البتہ "سخن ہائے گفتنی" کے آخر میں مرتب نے ۱۴۰۶ھ لکھا ہے۔ ضلع سرگودھا کے ۹۷ شعرا کی اردو اور ۲۷ شعرا کی پنجابی نعتیں ہیں۔ اردو شعرا میں ابو الجیال سلیم' ابو سلیم امین' احمد اخلاق' اخگر سرحدی' ارشاد عظمت' اسلم حیات ملک' اسلم یوسفی' اصغر علی کوثر' اعجاز حسین اعجاز' افضل گوہر' اقبال سرگودھوی' اقبال منظر' اقبال ندیم' اکرم محمود' الطاف مشہدی' امتیاز بخاری' امیر منشا' انجم ترازی' انجم نیازی' انور سدید' اے ایچ انیس' آصف راز' باغی جنیدوی' بدر الدین بدر' پرویز بزمی' تنویر ہاشمی' جوہر نظامی' حسن زیدی' حمیدہ شاہین زبیری' خورشید رضوی' ذوالفقار زلفی' رشک ترابی' رضا نقوی' رفعت اصغر وفا' رفیع رضا' ریاض جالندھری' زاہد منیر عامر' سعید مرزا' سیف زبیری' شاکر کنڈان' شاکر نظامی' شبلی پانی پتی' شعیب شاہد' شمشاد شیرازی' شمیم عزیز' شوکت راز' شیدا انبالوی' شیر دل ساحر' شیفتہ' صادق ساہنی' صفیہ تبسم خوشبو' صوفی فقیر محمد فقیر' صوفی نقوی' ضامن علی حیدر' ضیا بھٹی' ضیا علوی' طاہر نقوی' طفیل ثاقب' ظہیر الدین ظہیر' عاصم جلیسری' عامر انصاری' عبدالستار آثم' عزت آسائشی' عزیز انبالوی' عزیز علوی' عطا بلوچ' غلام جیلانی اصغر' غلام نظام الدین' فیض لدھیانوی' قمر الزمان دیپ' کامران رشید' کلیم انبالوی' متین گوہری' محمود اسیر' مرزا محمد منور' مریم النسا مریم' مشتاق قیصر' مضطر دھریموی' مظفر

حسن منصور' مظہر جعفری' معین نظامی' مقصود وارثی' ممتاز عارف' میاں اکرم بھٹی' میر عبدالرشید اشک' نازش قادری' ناصر بلوچ' نذیر احمد شاد' نذیر احمد ظفر' نصرت چودھری' نواب علی محمود' واحد حسین نشان' وزیر حسین شیرازی' ہارون الرشید تبسم' یوسف آزاد' یونس ارشاد' یونس خیال۔

☆ ۳۲۰ - ابرِ لطف و کرم۔ رفیق احمد کلام رضوی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۹۶ (غوث میاں نے اسے ۱۹۸۶ میں درج کیا ہے)

☆ ۳۲۱ - منتخب نعتیہ کلام۔ ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ مطبوعہ کوئٹہ۔ صفحات ۴۲۔ انتخاب اور طباعت معیاری نہیں (غوث میاں نے اس کتاب کو ۱۹۸۶ میں درج کیا ہے)

☆ ۳۲۲ - ماہنامہ "انوار الفرید" ساہیوال۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ جلد ۵ کا آخری اور جلد ۶ کا پہلا شمارہ ہے۔ صفحات ۱۰۴۔ مدیر اعزازی شبیر احمد ہاشمی۔ گیارہ نعتیں اور ۱۹ مضامین ہیں جن میں حضور رحمتٌ للعالمین ﷺ کی بارگاہِ عالی وقار میں غیر مسلموں کا نذرانۂ ارادت و عقیدت بھی ہے

۱۴۰۷ھ

☆ ۳۲۳ - ماہنامہ "الوارث" کراچی۔ رسولِ کریم ﷺ نمبر۔ صفحات ۱۴۴۔ ۱۳ نعتیں ہیں

۱۴۱۴ھ

☆ ۳۲۴ - سہ ماہی "سیرتِ طیبہ" کراچی۔ نعتِ رسول ﷺ نمبر۔ حصہ اول۔ (اگست تا اکتوبر ۱۹۹۳) صفحات ۱۳۰۔ مدیر عبدالعزیز عُرفی۔ ایک حمد اور دس نعتیں ہیں۔

☆ ۳۲۵ - سہ ماہی "سیرتِ طیبہ" کراچی۔ نعتِ رسول ﷺ نمبر۔ حصہ دوم۔ (نومبر ۱۹۹۳ تا جنوری ۱۹۹۴)۔ صفحات ۱۲۸۔ ۱۸ نعتیں ہیں

١٤١٥ھ

☆ ۳۲۶ - "سیرتِ طیبہ" کراچی۔ حُبِّ مصطفیٰ ﷺ نمبر حصہ اول (مئی تا جولائی ۱۹۹۴ء)۔ صفحات ۱۰۴۔ ۱۲ نعتیں ہیں

☆ ۳۲۷ - "سیرتِ طیبہ" کراچی۔ حُبِّ مصطفیٰ ﷺ نمبر حصہ دوم (اگست تا اکتوبر ۱۹۹۴ء)۔ صفحات ۱۲۸۔ ۱۲ نعتیں ہیں۔

س ن

بعض کتابوں پر سنِ اشاعت درج ہی نہیں ہوتا۔ ایسے انتخابِ نعت کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

☆ ۳۲۸ - آرزوئے مدینہ۔ صوفی افضل۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۳۲۹ - اردو نعتیہ کلام میں شعروں کا انتخاب۔ حاجی محمد منیر۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۳۳۰ - اعظم دیاں نعتاں۔ اظہر محمود۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۳۳۱ - انوارِ مدینہ۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۳۲ - انتخابِ سلام۔ عبدالغفور قریشی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۳۳ - نعت رنگ کراچی۔ تنقید نمبر۔ صفحہ ۲۴۷ سے ۲۶۱ تک "گُلِ چیدہ" کے عنوان سے ۳۱ شعرا کے نعتیہ اشعار درج ہیں۔

☆ ۳۳۴ - ایک سو ایک مقبول نعتیں۔ منصور ندیم۔ مطبوعہ راولپنڈی۔ صفحات ۱۱۲۔ انتخابِ کلام معیاری ہے۔

☆ ۳۳۵ - باغِ اسلام۔ شفیق دہلوی۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۳۶ - بزمِ رسول ﷺ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۳۷ - بزمِ رسالت ﷺ۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۳۸ - بچوں کی منتخب نعتیں۔ رئیس احمد۔ کراچی

☆ ۳۳۹ - بہارِ نعت۔ حاجی محمد منیر قریشی۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۲۸۔ صفحہ ۷۹ پر پتا نہیں، کس کی نعت علامہ اقبالؒ کے نام لکھ دی گئی ہے

☆ ۳۴۰ - بہترین نعتیں۔ قاسم محمود قاسمی۔ لاہور

☆ ۳۴۱ - بھر دو جھولی مری یا محمد ﷺ۔ شاہد محمود۔ لاہور

☆ ۳۴۲ - بے مثال نعتیں۔ شکیل احمد۔ راولپنڈی

☆ ۳۴۳ - پیاری نعتیں۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۲۸۔ کتاب میں غنیؔ وارثی، رشید وارثی اور ہادیؔ قریشی وارثی کی نعتیں ہیں

☆ ۳۴۴ - تاجدارِ مدینہ ﷺ۔ عبدالغفور قریشی۔ کراچی

☆ ۳۴۵ - تحفۂ محمدی (ﷺ)۔ حصۂ اول، دوم، سوم، چہارم۔ محمد الیاس برنی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۶۴ + ۶۷ + ۶۷ + ۶۱۔ تیسرا ایڈیشن ۱۳۶۴ھ میں چھپا مگر اب تک چاروں حصے چھپتے ہیں اور پڑھے جاتے ہیں (اس کتاب کے مرتّب وہی دانشور ہیں جنھوں نے "قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ" لکھی) غوث میاں نے انھیں الگ الگ چار نعتیہ انتخاب قرار دیا ہے۔

☆ ۳۴۶ - تمنائے مدینہ۔ عبدالغفور قریشی۔ کراچی

☆ ۳۴۷ - تختِ نبوت۔ عبدالغفور قریشی۔ کراچی

☆ ۳۴۸ - ثنائے حبیب ﷺ۔ حصہ اول۔ محمد علی ظہوریؔ۔ مطبوعہ قصور۔ بار دوم۔ س ن۔ صفحات ۴۸۔ کتاب میں اردو اور پنجابی نعتیں ہیں

☆ ۳۴۹ - ثنائے مصطفیٰ ﷺ۔ حصہ اول۔ اکمل اویسی۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۹۶۔ نعت خوانی کے لیے جمع کی گئی نعتوں کا مجموعہ ہے۔ عام طور پر شاعروں کا نام لکھا ہے۔ اردو اور پنجابی دونوں زبانوں میں نعتیں ہیں ("ثنائے مصطفیٰ ﷺ" کا ایک ایڈیشن دوسرے ناشر کا چھپا ہوا بھی میری نظر سے گزرا ہے۔ اس میں کچھ نعتیں مختلف ہیں، ترتیب بھی دوسری ہے۔ صفحات وہی ۹۶ ہیں)

☆ ۳۵۰- ثنائے مصطفیٰ ﷺ- الطاف قادری- کراچی

☆ ۳۵۱- جب مسجدِ نبویؐ کے مینار نظر آئے- عمران علی- لاہور

☆ ۳۵۲- جلوۂ نور- عبدالغفور قریشی- کراچی

☆ ۳۵۳- جمالِ مصطفیٰ ﷺ- صبیح رحمانی- مطبوعہ کراچی- صفحات ۱۹۲- ۲۱۱ نعتیں ہیں- (غوث میاں نے اسے ۱۹۹۴ میں درج کیا ہے)

☆ ۳۵۴- جمالِ مصطفیٰ ﷺ- معظم جاوید- لاہور

☆ ۳۵۵- حمد و نعت- فیروز سنز- مطبوعہ لاہور- صفحات ۱۱۲- پہلے حصے میں ۲۰ حمدیں، دوسرے حصے میں ۲۰ نعتیں اور تیسرے حصے میں ۱۸ دعائیں ہیں

☆ ۳۵۶- حمد و نعت- محمودؔ علی خاں جامعی- مطبوعہ کراچی- صفحات ۳۲- ۱۵ حمدیں، دو دعائیں اور ۲۴ نعتیں ہیں- کتاب ٹائپ میں چھپی ہے (غوث میاں نے جانے کس بنا پر اس کتاب کو ۱۹۵۹ میں درج کیا ہے)

☆ ۳۵۷- خُمِ خانۂ یثرب- محمد اشرف خاں عطاؔ- (سلسلۂ کہکشاں، جلد اول) مطبوعہ لاہور- ۳۲ صفحوں کی اس کتاب میں نیرؔ واسطی، نیرؔ دہلوی، امیرؔ مینائی، علامہ اقبالؔ، ظفرؔ علی خاں، خواجہ دلؔ محمد، اکبرؔ وارثی میرٹھی، حشرؔ کاشمیری، اشرف عطاؔ اور دوسرے شعرا کی نعتیں ہیں

☆ ۳۵۸- دربارِ حبیب ﷺ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۵۹- دربارِ رسالت ﷺ- حاجی گل بخشالوی- مطبوعہ کھاریاں

☆ ۳۶۰- دیارِ حبیب ﷺ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۶۱- دیارِ نبی ﷺ- عبدالغفور قریشی- کراچی

☆ ۳۶۲- دیدارِ محمد ﷺ- صوفی محمد افضل- لاہور

☆ ۳۶۳- ذکرِ حبیب ﷺ- صوفی محمد افضل- لاہور

☆ ۳۶۴- ذکرِ حبیب ﷺ- محمد نذیر احمد- گجرات

☆ ۳۶۵- ذکرِ حبیب ﷺ- قریشہ خانم- کراچی

☆ ۳۶۶- ذکرِ حبیب ﷺ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۶۷- ذکرِ رسول ﷺ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۶۸- رحمت کے گوہر- ابُوطاہر- کراچی

☆ ۳۶۹- رحمتوں کے پھول- محمد الیاس قادری- کراچی

☆ روحِ مدینہ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۷۰- سلامِ رضاؔ- شہزاد احمد- مطبوعہ کراچی- جیبی سائز کے ۶۴ صفحات- نام تو "سلامِ رضا" ہے لیکن اس میں مختلف شعرا کے سلام ہیں- (کتاب پر سنِ اشاعت درج نہیں البتہ غوث میاں نے اسے 1983 میں ڈالا ہے)

☆ ۳۷۱- شانِ رسالت ﷺ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۷۲- شانِ رسولِ عربی ﷺ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۷۳- شانِ محمد ﷺ- خلیل دہلوی- کراچی

☆ ۳۷۴- شانِ مدینہ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۷۵- شانِ مصطفیٰ ﷺ- یامینؔ وارثی- مطبوعہ کراچی- محافلِ نعت اور مجالسِ میلاد میں پڑھی جانے کے لیے ۱۰۶ نعتیں جمع کی گئی ہیں- ۱۱۶ صفحات-

☆ ۳۷۶- شاہِ عربی ﷺ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۷۷- شاہِ مدینہ ﷺ- شاکر اقبال بھٹی- مطبوعہ لاہور- صفحات ۲۳- بیرونی سرورق پر "نعتِ سرکارِ مدینہ ﷺ" کے الفاظ لکھے ہیں، اندرونی سرورق پر "شاہِ مدینہ ﷺ" ہے- اس کتاب میں کوئی خاص بات نہیں

☆ ۳۷۸- شاہِ مدینہ- مطبوعہ کراچی

☆ ۳۷۹- شمسِ رسالت ﷺ- محمد افسر قادری- کراچی

☆ ۳۸۰- صدائے مدینہ- محمد صادق قادری- کراچی

☆ ۳۸۱- ضیائے مدینہ- محمد صادق- کراچی

☆ ۳۸۲- عشقِ محمد ﷺ- امتیاز علی- لاہور

☆ ۳۸۳ - عشقِ مدینہ۔ صوفی محمد افضل۔ لاہور

☆ ۳۸۴ - عقیدت کے پھول۔ شیخ اصغر علی۔ لاہور

☆ ۳۸۵ - عقیدت کے پھول۔ عتیق الرحمان۔ کراچی

☆ ۳۸۶ - فیضانِ مدینہ۔ محمد صادق قادری۔ کراچی

☆ ۳۸۷ - قافلۂ یقین۔ سیّد محمد عامر۔ لاہور

☆ ۳۸۸ - کلامِ محبوب ﷺ - قاری محمد نذیر احمد نقشبندی۔ مطبوعہ لاہور۔ زیادہ تر کلام پنجابی میں ہے۔ شاعروں کے نام نہیں لکھے۔ حُسنِ ترتیب اور حُسنِ ذوق کا فُقدان نظر آتا ہے۔

☆ ۳۸۹ - گُلِ عقیدت۔ اخلاق عاطف۔ مطبوعہ سرگودھا۔ صفحات ۳۵۔ شعراءِ سرگودھا کا ہدیۂ عقیدت ہے۔

☆ ۳۹۰ - گلدستہ۔ نذر صابری۔ مطبوعہ اٹک۔ صفحات ۳۰۔ بیس شعرا کی نعتیں ہیں۔ اکتوبر ۱۹۸۰ میں اٹک میں ہونے والی نعتیہ نشست میں پڑھا گیا کلام ہے۔ غوث میاں نے اِسی بنا پر اسے ۱۹۸۰ کی کتابوں میں درج کر دیا ہے۔ غوث میاں نے نام "گلدستہ بحضورِ خیر الانام" لکھا تھا جبکہ کتاب پر صرف "گلدستہ" درج ہے۔ اب اپنی آخری فہرست میں انہوں نے تصحیح کر لی ہے۔

☆ ۳۹۱ - گلدستۂ جامی۔ میاں۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۹۲ - گلدستۂ سلام۔ عبدالغفور قریشی۔ کراچی

☆ ۳۹۳ - گلدستۂ عقیدت۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۹۴ - گلدستۂ نعت۔ ریاض ندیم نیازی۔ لاہور

☆ ۳۹۵ - گلدستۂ نعت۔ ملک خالد جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ ۳۲ صفحات۔ انتخاب معیاری نہیں۔

☆ ۳۹۶ - گلزارِ مدینہ۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۳۹۷ - گلزارِ مدینہ۔ محمد یُوسُف قادری۔ کراچی

☆ ۳۹۸ - گُلشنِ رحمانی۔ حصہ اوّل۔ عبدالجبار شاہد۔ کراچی

☆ ۳۹۹ - گُلشنِ رحمانی۔ حصۂ دُوم۔ عبدالجبار شاہد۔ کراچی

☆ ۴۰۰ - گلکدہ معراج۔ عبدالمجید قادری۔ کراچی

☆ ۴۰۱ - گلہائے عقیدت۔ حصہ دوم۔ محمد راحت قادری۔ لاہور

☆ ۴۰۲ - گُلہائے عقیدت۔ حصہ سوم۔ محمد راحت قادری۔ لاہور

☆ ۴۰۳ - گُلہائے عقیدت۔ حصہ اول۔ عبدالحفیظ قادری۔ کراچی

☆ ۴۰۴ - گُلہائے عقیدت۔ حصہ دوم۔ عبدالحفیظ قادری۔ کراچی

☆ ۴۰۵ - گُلہائے عقیدت۔ حصہ سوم۔ عبدالحفیظ قادری۔ کراچی

☆ ۴۰۶ - گُلہائے عقیدت۔ عبدالجبار قادری۔ مطبوعہ فیصل آباد۔ صفحات ۱۲۸۔ (جیبی سائز) کچھ پنجابی نعتیں بھی ہیں' منقبت بھی ہے

☆ ۴۰۷ - گنجینۂ فیضان الرسول۔ محمد رضا ہمایوں۔ کراچی

☆ ۴۰۸ - لاجواب نعتیں۔ امتیاز علی۔ لاہور

☆ ۴۰۹ - لاکھوں سلام۔ شہزاد احمد۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۳۲۔ اعلیٰ حضرت احمد رِضا بریلوی کے "لاکھوں سلام" پر شمس بریلوی' اختر الحامدی' صابر القادری' ہلال جعفری' اسلم بستوی' عزیز حاصلپوری' حبیب محسنی تلہری' عبدالسلام شفیق' عثمان عارف نقشبندی اور رہبر چشتی کی تضمینوں کے منتخبات (کتاب میں سنِ اشاعت درج نہیں۔ غوث میاں نے ۱۹۸۵ قرار دیا ہے)

☆ ۴۱۰ - لب پہ صلِ علی کے ترانے۔ شاہد محمود۔ لاہور

☆ ۴۱۱ - لیلۃ النعت۔ حاجی شعبان جمعہ۔ مکران

☆ ۴۱۲ - مجموعۂ سلام۔ عتیق الرحمان۔ کراچی

☆ ۴۱۳ - مجموعۂ نعت۔ حصہ اول۔ انیس احمد نُوری۔ مطبوعہ سکھر۔ صفحات ۲۵۴

☆ ۴۱۴ - مجموعۂ نعت۔ حصہ دوم۔ انیس احمد نُوری۔ مطبوعہ سکھر۔ صفحات ۲۵۶۔ (دونوں جلدیں اگرچہ نعت خوانی کی محافل کے لئے مرتّب کی گئی ہیں لیکن کلام عام

طور پر معیاری ہے۔ کہیں کہیں کوئی نظم بھی البتہ شامل ہے جس کا نعت سے کوئی تعلق نہیں۔ غوث میاں نے مجلّہ "حضرت حسانؓ نعت ایوارڈ" میں اس مجموعۂ نعت کا اندراج ۱۹۷۷ میں کیا ہے اور یہ نہیں بتایا کہ اس کے دو حصّے ہیں)

☆ ۴۱۵ - مجموعۂ نعتِ بشیر۔ ملک خالد جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۸۰۔ انتخاب معیاری نہیں

☆ ۴۱۶ - مجموعۂ نعتِ فیروزی۔ فیروز الدین فیروزؔ ڈسکوی۔ مطبوعہ سیالکوٹ۔ صفحات ۱۶۰۔ (جیبی سائز) فارسی اور اردو کلام ہے۔ شاعروں کے نام درج نہیں

☆ ۴۱۷ - مجموعۂ نعتِ محمدی ﷺ - شیخ عنایت حسین بدرؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۷۲ - نعتیں میلاد اور نعت کی محفلوں میں پڑھی جانے کے لیے منتخب کی گئی ہیں۔ شاعروں کے نام نہیں دیۓ گئے۔

☆ ۴۱۸ - مجھے عشق ہے نبی ﷺ سے۔ شاہد محمود۔ لاہور

☆ ۴۱۹ - محفلِ حضور ﷺ۔ عالم لاہوری۔ لاہور

☆ ۴۱۹ الف - محمدؐ سرورِ کونین ﷺ۔ حصہ اول۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۴۲۱ - محمدؐ سرورِ کونین ﷺ۔ حصہ دوم۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۴۲۲ - مدحت۔ محمد حامد رضا خاں۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۵۶

☆ ۴۲۳ - مدحت۔ عطاء الرسول اویسی۔ بہاولپور

☆ ۴۲۴ - مدینہ کا چاند۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۴۲۵ - مدینے کا سفر۔ صوفی محمد افضل۔ لاہور

☆ ۴۲۶ - مدینے کی مٹھاس۔ محمد الیاس قادری۔ کراچی

☆ ۴۲۷ - مدینے کی گلیاں۔ سید محمد عامر۔ لاہور

☆ ۴۲۸ - مدینے کے پھول۔ محمد افسر قادری۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۶۴ - ۳۹ نعتیں اور کچھ نظمیں ہیں۔ شاعر کا نام کہیں ہے، کہیں نہیں

☆ ۴۲۹ - مدینے والے ﷺ - ریاض ندیم نیازی۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۹۶۔

۷ حمدیں، ۶۱ نعتیں اور ۵ مناقب ہیں۔

☆ ۴۳۰ - مدینے والے ﷺ۔ مرزا دلاور بیگ۔ کراچی

☆ ۴۳۱ - مرقّعِ نعت۔ حصّہ اول۔ سجاد حمید خاں۔ مطبوعہ لاہور (بیرونی سرورق پر ناشر اور ہے، اندرونی سرورق پر اور) صفحات ۱۶۰۔ معیاری نعتیں منتخب کی گئی ہیں۔

☆ ۴۳۲ - مشہور نعتیں۔ سید وسیم الدین۔ کراچی

☆ ۴۳۳ - معراج کا دولہا۔ عبدالغفور قریشی۔ کراچی

☆ ۴۳۴ - معراج نامہ۔ حافظ سجّاد حسین۔ کراچی

☆ ۴۳۵ - منتخب سلام۔ ساجدؔ صدیقی، والیؔ آصی۔ کراچی

☆ ۴۳۶ - منتخب نعتیں۔ مرتّب کا نام درج نہیں۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۱۲۔ (اندرونی سرورق پر کتاب کا نام "مجموعۂ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ" اور پرنٹ لائن میں "مجموعۂ نعتِ رسولِ عربی ﷺ" تحریر ہے)

☆ ۴۳۷ - منتخب نعتیں۔ سید وسیم الدین۔ کراچی

☆ ۴۳۸ - مولود شریف۔ علی رضا صدیقی۔ کراچی

☆ ۴۳۹ - میرا کوئی نہیں ہے تیرے سوا۔ شاہد محمود۔ لاہور

☆ ۴۴۰ - ناقابلِ فراموش نعتیں۔ معین نظامی۔ کراچی

☆ ۴۴۱ - نذرانۂ عقیدت۔ ارشد محمود نازؔ۔ کراچی

☆ ۴۴۲ - نعت۔ ریاض ندیم نیازی۔ لاہور

☆ ۴۴۳ - نعتِ انوارِ مدینہ۔ صوفی عبدالسلام۔ لاہور

☆ ۴۴۴ - نعتِ حبیب ﷺ - ریاض ندیم نیازی۔ لاہور

☆ ۴۴۵ - نعتِ حبیب ﷺ۔ عبدالذاکر شمسی۔ کراچی

☆ ۴۴۶ - نعتِ حبیبِ خدا ﷺ - ملک خالد جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۳۲۔ انتخاب معیاری نہیں۔

☆ ۴۴۷ - نعتِ رسول ﷺ - فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور۔ صفحات ۹۶۔ اچھا انتخاب

ہے۔ پہلے چھوٹے سائز پر شائع ہوتا رہا' اب ۲۰ x ۳۰ / ۱۶ پر شائع ہو رہا ہے۔ اندرونی سرورق پر لکھا ہے۔ "سیرتُ النبی ﷺ اور محافلِ میلاد کے لیے مشہور شعرا کی وجد آور اور ایمان افروز نعتیں"۔

☆ ۴۴۸ ۔ نعتِ رسول ﷺ ۔ مطبوعہ کراچی۔

☆ ۴۴۹ ۔ نعتِ رسول ﷺ ۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۴۵۰ ۔ نعتِ رسول ﷺ ۔ ایم عارف۔ کراچی

☆ ۴۵۱ ۔ نعتِ رسولِ عربی ﷺ ۔ صوفی عبدالسلام۔ لاہور

☆ ۴۵۲ ۔ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ ۔ محمد ندیم حزیں۔ کراچی

☆ ۴۵۳ ۔ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ ۔ مطبوعہ لاہور

☆ ۴۵۴ ۔ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ ۔ حضرت علی شاہ۔ لاہور

☆ ۴۵۵ ۔ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ ۔ عبدالغفور قریشی۔ کراچی

☆ ۴۵۶ ۔ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ ۔ ملک خالد جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۶۴۔ انتخاب معیاری نہیں۔

☆ ۴۵۷ ۔ نعتِ رفیق۔ ملک خالد جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۶۴۔ انتخاب معیاری نہیں

☆ ۴۵۸ ۔ نعتِ شاہِ کونین ﷺ ۔ ایس ایم صدیقی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۹۶

☆ ۴۵۹ ۔ نعتِ محبوب ﷺ ۔ حصہ اول۔ محمد رفیق قادری۔ ڈسکہ

☆ ۴۶۰ ۔ نعتِ محبوب ﷺ ۔ غلام رسول۔ فیصل آباد

☆ ۴۶۱ ۔ نعت شریف۔ شیخ اصغر علی۔ لاہور

☆ ۴۶۲ ۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ ۔ ملک خالد جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۳۲۔ انتخاب معیاری نہیں۔

☆ ۴۶۳ ۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ ۔ محمد اشرف۔ لاہور

☆ ۴۶۴ ۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ ۔ عبدالمجید ساگر۔ لاہور

☆ ۴۶۵ ۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ ۔ یاسین وارثی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۱۳۲

☆ ۴۶۶ ۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ ۔ طارق اشفاق۔ لاہور

☆ ۴۶۷ ۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ و سلامِ رضا۔ محمد منشا تابش قصوری و قمر یزدانی۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۴۴۔ انتخاب قمر یزدانی جیسے نعت گو کی شان کے مطابق نہیں

☆ ۴۶۸ ۔ نورِ مدینہ۔ مطبوعہ کراچی۔

☆ ۴۶۹ ۔ نورِ مدینہ۔ مطبوعہ رحمان برادرز۔ کراچی

☆ ۴۷۰ ۔ نعتِ نورِ محمد ﷺ ۔ حصہ اول' دوم' سوم' چہارم۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۶۴

☆ ۴۷۱ ۔ نعت و سلام۔ مشتاق علوی۔ راولپنڈی

☆ ۴۷۲ ۔ نعتوں کی البم۔ اے ایس پومی۔ فیصل آباد

☆ ۴۷۳ ۔ نعتوں کی خوشبو۔ شبیر احمد قادری۔ مطبوعہ فیصل آباد۔ صفحات ۹۶۔ بہت حد تک معیاری انتخاب ہے۔ (غوث میاں نے اسے ۱۹۸۲ میں درج کیا ہے)

☆ ۴۷۴ ۔ نعتوں کی کہکشاں۔ مبارک جاوید رند۔ فیصل آباد

☆ ۴۷۵ ۔ نعتوں کی محفل۔ وحید اللہ قریشی۔ فیصل آباد

☆ ۴۷۶ ۔ نعتوں کی مہک۔ انور جیلانی۔ فیصل آباد

☆ ۴۷۷ ۔ نعتوں کی مہکار۔ ضمیر صدیقی۔ فیصل آباد

☆ ۴۷۸ ۔ نعتوں کے پھول۔ غلام رسول۔ فیصل آباد

☆ ۴۷۹ ۔ نعتیں ہی نعتیں۔ اے ایس پومی۔ فیصل آباد

☆ ۴۸۰ ۔ نعتیں ہی نعتیں۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۴۸۱ ۔ نعتیہ کلام۔ منشی محمد صادق حسین۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۶۴

☆ ۴۸۲ ۔ نغمۂ حضور ﷺ ۔ بدر الدین بدر۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۹۶

☆ ۴۸۳ ۔ نغمۂ سرور۔ حصہ اول۔ غلام سرور قصوری۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۶۴

☆ ۴۸۴ ۔ نغمۂ محبوب ﷺ ۔ شاکر اقبال قادری چشتی۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات

☆ ۴۸۵ - نغمۂ محبوب۔ مطبوعہ کراچی

☆ ۴۸۶ - نغمۂ محمد ﷺ - مطبوعہ کراچی

☆ ۴۸۷ - نغمۂ نورانی۔ شبیر احمد۔ کراچی

☆ ۴۸۸ - نوائے رضا۔ شہزاد احمد۔ مطبوعہ کراچی۔ جیبی سائز کے ۶۴ صفحات۔ مختلف شعرا کی منتخب نعتیں ہیں۔

☆ ۴۸۹ - نوائے نعت۔ شہزاد احمد۔ مطبوعہ کراچی۔ جیبی سائز کے ۹۶ صفحات۔ حمد' نعت' منقبت اور سلام کا انتخاب ہے۔ علاقائی زبانوں میں نعتیں بھی ہیں

☆ ۴۹۰ - نورِ مصطفیٰ ﷺ - یامین وارثی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحات ۱۱۶

☆ ۴۹۱ - نورِ وحدت (چار حصے) ایم ایس شاد۔ مطبوعہ لاہور۔ (میرے ذخیرۂ کتب میں حصہ اول نہیں ہے۔ حصہ دوم' سوم' چہارم ۳۲' ۳۲ صفحات پر مشتمل ہیں۔ اس لیے گمان غالب ہے کہ حصہ اول بھی ۳۲ صفحات ہی کا ہو گا)

☆ ۴۹۲ - ہدیۂ حمد و نعت۔ زہرہ جبیں۔ کراچی

☆ ۴۹۳ - یادِ مصطفیٰ ﷺ - محمد ندیم ساگر۔ لاہور

☆ ۴۹۴ - یا نبی سلام علیک۔ سید محمد عامر۔ لاہور

☆ ۴۹۵ - یہ سب تمہارا کرم ہے آقا۔ قاسم محمد قاسمی۔ لاہور

-------- صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم --------

جذبۂ عشقِ نبی ﷺ جس کے دلِ پاک میں ہے
نبضِ کونین بھی اس کی کفِ ادراک میں ہے

کہکشاں بن کے وہ جلوہ گہِ افلاک میں ہے
نقشِ پا آپؐ کا جس رہگزرِ پاک میں ہے

باز گشت اس کی صدا گنبدِ افلاک میں ہے
ابدیت جو نبی ﷺ کے سخنِ پاک میں ہے

بادشاہانِ زمانہ ہیں غلاموں کے غلام
جبرئیل آپ ﷺ کے خدامِ درِ پاک میں ہے

حشر کو گوہرِ دامانِ شفاعت ہو گا
اشکِ حسرت جو مرے دیدۂ نمناک میں ہے

مے کشو ہم تو ہیں سرشارِ مئے عشقِ نبی ﷺ
وہ سرِ طاق ہی رکھو جو رگِ تاک میں ہے

ہیں اجالوں کے امیں آپ کے دیوانے بھی
سو سویروں کی جھلک دامنِ صد چاک میں ہے

چل مدینے کو، ترے پاپ کٹیں، روگ مٹیں
اے دل! اکسیر سی اکسیر اسی خاک میں ہے

بہرہ ور ہوتے ہیں ملکیتِ آقا سے غلام
میری جنت مرے سرکار ﷺ کی املاک میں ہے

کنکری ہاتھ میں بول اٹھتی ہے سُبحانَ اللہ
مِنبعِ نُطق نگاہِ شہِ لولاک ﷺ میں ہے

کسبِ نور ان سے جو کر لیں تو منوّر ہو جائیں
ورنہ ہم خاک ہیں، ملنا بھی ہمیں خاک میں ہے

ضو فشاں یوں ہے، مرے دل میں محبّت ان کی
جیسے قندیلِ فروزاں حرمِ پاک میں ہے

فرش تا عرش مہک اٹھے ہیں گلشن گلشن
کتنی خوشبو شہِ معراج ﷺ کی پوشاک میں ہے

تجھ کو بھولے تو عذاب آئے نہ کیا کیا ہم پر
اور ابھی دیکھئے کیا پردۂ افلاک میں ہے

یا نبی ﷺ گُلشنِ ملّت پہ توجُّہ کی نظر
دُور ہے فصلِ بہار اور خَزاں تاک میں ہے

یا نبی ﷺ آج تمنّاؔ کی ہے دنیا کو تلاش
کیا کوئی صَیدِ زبوں آپ کے فتراک میں ہے؟

عبدالمجید تمنّاؔ ایم اے

مخزنِ نعت۔ مرتبہ محمد اقبال جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۷۹۔ ص ۲۸۵

--------صلی اللہ علیہٖ و آلہٖ وسلم--------

مرے وجود میں حرف و صدا کا آئینہ
تری طلب میں ہُوں میں بھی سراپا آئینہ

کہاں یہ نور بدن عکس میری ذات میں تھے
میں خاک تھا مجھے تو نے بنایا آئینہ

میں راہ بھٹکوں، ہَوا رہنمائی کرنے لگے
ترے بدن کی مہک راستے کا آئینہ

جہاں پہ ارض و سما کی حقیقتیں ہیں خواب
وہ اک مقامِ حقیقت مدینہ آئینہ

یہ سارے رنگ مناظر اسی نے کھولے ہیں
کہ جس نے سینے میں میرے اتارا آئینہ

چَراغِ راہِ محبت ہے روح میں روشن
یہ دل یہ آنکھ ہے اک استعارہ آئینہ

میں اپنے عکس کو دیکھوں گا شاہدؔ بطحا
کہ سر زمینِ مدینہ ہے میرا آئینہ

شاہدؔ حمید

نعت کائنات مرتبہ راجا رشید محمودؔ۔ جنگ پبلشرز، لاہور۔ ۱۹۹۳۔ ص ۲۲۱

———صلی اللہ علیہٖ و آلہٖ وسلم———

فرشِ زمیں کو تم نے دیا اقتدارِ عرش
اور عرش پر گئے تو بڑھایا وقارِ عرش

وحدت کا اوج تاج ہے، کثرت کی شان تخت
یہ تاج و تخت ہیں ترے اے تاجدارِ عرش ﷺ

جو خاک ہو گئی تری نعلین سے جُدا
اس خاک کو خدا نے بنایا قرارِ عرش

تو شانِ اوج، اوج تری شان پر نثار
تو فخرِ فخر، تیرے قدم افتخارِ عرش

بکھرے ہوئے ہیں عرش پہ صَلِّ عَلیٰ کے پھول
دیتی رہے گی بُوئے محمد ﷺ بہارِ عرش

آرائش اس کی تھی شبِ معراج کے لئے
تھا تیرے واسطے ہی یہ نقش و نگارِ عرش

معراج میں وہ عرش ترا فرشِ پا بنے
جس عرش پر ہو جلوۂ پروردگارِ عرش

اے کیفؔ چڑھ گئی مئے دیدارِ مصطفیٰ ﷺ
اب حشر تک اتر نہیں سکتا خمارِ عرش

کیفؔ ٹونکی

بوستانِ نعت۔ مرتبہ احمد علی سیفؔ کلانوری۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۱۰۲

———صلی اللہ علیہٖ و آلہٖ وسلم———

شہنشہی میں ہے درویشِ بے نوا کی طرح
وہ بندہ جس میں کچھ اوصاف ہیں خدا کی طرح

شبِ چہار دہم بھی نہ ہو سکا روشن
حسین چاند، محمد ﷺ کے نقشِ پا کی طرح

یتیم، بے سر و ساماں، گلیم پوش، اُمّی
مگر نشانِ کرم آخری گھٹا کی طرح

عرب گواہ، عجم معترف، خدا شاہد
نبی ﷺ کا فیضِ نظر سایۂ ہُما کی طرح

خوشا کمال پیمبر ﷺ کی پیشوائی کا
ہر ایک پیرو کامل ہے پیشوا کی طرح

غرورِ قیصر و کسریٰ سے کھیلنے والے
ادا کسی میں نہ دیکھی تری ادا کی طرح

حکیم روح و بدن، رہنمائے ذہن و ضمیر
دعا دوا کی طرح کی، دوا دعا کی طرح

صدا ہے عرشِ بریں کی کہ اے زمیں والو
خدا کا دین ہے سب کے لئے ہَوا کی طرح

محمد نیازؔ

گلدستۂ نعت۔ مرتبہ ضیا محمد ضیاؔ و طاہرؔ شادانی۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۷۸۔ ص ۱۲۰

--------صلی اللہ علیہٖ و آلہٖ وسلم--------

مجھے توفیق دے یارب کہ نعتِ مصطفیٰ ﷺ لکھوں
قلم جنبش میں آئے اور میں صَلِّ عَلیٰ لکھوں

ازل کی آرزو لکھوں، ابد کا مُدّعا لکھوں
محمد ﷺ ابتدا لکھوں، محمد ﷺ انتہا لکھوں

دلِ تاریکِ انساں کو منور کر دیا، آقا ﷺ
تمہیں بدر الدجیٰ لکھوں، تمہیں شمسُ الضحیٰ لکھوں

یہ خاکِ پاکِ طیبہ ہے، یہاں سرکار ﷺ رہتے ہیں
اسے آنکھوں کا سرمہ، دل کے زخموں کی دوا لکھوں

خدا کو میں نے پہچانا، محمد ﷺ کے حوالے سے
انھی کو حق رسا سمجھوں، انھی کو حق نما لکھوں

بڑی سرکار ہے ان کی، وہ سلطانِ دو عالم ﷺ ہیں
انہیں داتا کہوں اور خود کو محتاج و گدا لکھوں

عطا کیجے زبانِ قدسیؔ و حسانؓ اے مولا
بہت دن سے تمنا ہے، قصیدہ آپ کا لکھوں

رازؔ مراد آبادی

--------صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم-----

موجب تخلیق عالم کون ہے؟
وہ کہ جس کا نور ہے نور خدا — سید عالم محمد مصطفیٰ ﷺ
اول مخلوق، ختم الانبیا — جس نے اک عالم کو زندہ کر دیا
موجب تخلیق عالم ہے وہی

افتخار نسل آدم کون ہے؟
کفر کا گھر جس نے ویراں کر دیا — بت کدے کو بیت یزداں کر دیا
خلق کی مشکل کو آساں کر دیا — آدمی کو جس نے انساں کر دیا
افتخار نسل آدم ہے وہی

قائد اقوام عالم کون ہے؟
جس کو صرف انسانیت سے پیار تھا — جو ہر اک مخلوق کا غم خوار تھا
قید رنگ و نسل سے بیزار تھا — جو اخوات کا علم بردار تھا
قائد اقوام عالم ہے وہی

مقصد فطرت کا محرم کون ہے؟
پیش کر کے ایزدی پیغام کو — توڑ ڈالا کفر کے اصنام کو
متحد کر کے تمام اقوام کو — عام جس نے کر دیا اسلام کو
مقصد فطرت کا محرم ہے وہی

رئیس امروہوی

------صلی اللہ علیہِ و آلہٖ و سلم------

شعور حمد کا نعتِ نبی ﷺ سے ملتا ہے
قلم کو حرف اسی روشنی سے ملتا ہے

شفیق بن کے جو ہر اجنبی سے ملتا ہے
ہمیں قرارِ دل و جاں اسی سے ملتا ہے

وہی ہم اہلِ خطا کو نبی ﷺ سے ملتا ہے
شبِ سیاہ کو جو روشنی سے ملتا ہے

گداز قلب ہر اک شخص کو نصیب کہاں
یہ فیض نسبتِ عشقِ نبی ﷺ سے ملتا ہے

وہ ذاتِ پاک کہ جس کا نہیں کوئی سایہ
سروں کو سایۂ رحمت اسی سے ملتا ہے

نہ ابروؤں پہ شکن ہے، نہ ہاتھ میں تلوار
وہ دشمنوں سے بھی کس سادگی سے ملتا ہے

نبی ﷺ کی یاد سے کرتے ہیں ہم رفو شاعرؔ
جو کوئی زخم ہمیں زندگی سے ملتا ہے

شاعر لکھنوی

منتخب نعتیں۔ مرتبہ تابشؔ صدیقی۔ مطبوعہ راولپنڈی۔ ۱۹۸۳۔ ص ۱۱۴

------صلی اللہ علیہِ و آلہٖ و سلم------

مرتبہ جس کا فزوں رفعتِ افلاک سے ہے
مجھ کو نسبت بھی اسی صاحبِ لولاک ﷺ سے ہے

منعکس کر لے تمام ان کے خط و خالِ جمال
غیر ممکن مرے آئینۂ ادراک سے ہے

ناظرِ طیبہ کو ہے آپ ﷺ کا دامن درکار
دُھندلی دُھندلی سی نظر دیدۂ نمناک سے ہے

ہاتھ خالی نہ ترے بابِ کرم سے لوٹے
وہ جو پہلے ہی خجل دامنِ صد چاک سے ہے

ارضِ طیبہ سے مجھے دور نہ دنیا لے جائے
میرا رشتہ تو اسی خاک سے ہے

طیبہ میں مہرِ نُبوّت کی ہے اپنی تقویم
یہ زمیں کتنی الگ گردشِ افلاک سے ہے

ہوں غلام ان کا، غلامی پہ مجھے ناز بھی ہے
صید جس کا ہوں، یہ رشتہ اسی فتراک سے ہے

زخم لو دیتا رہے عشقِ نبی ﷺ کا تابشؔ
روح میں سوز اسی شعلۂ چالاک سے ہے

تابشؔ دہلوی

ایوانِ نعت۔ مرتبہ صبیحؔ رحمانی۔ مطبوعہ کراچی۔ ۱۹۹۳۔ ص ۵۴

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

خدا کے نور کی مانند ہے جمال بھی وہ
خدا کے بعد ہمارے لئے مثال بھی وہ

وہ ایک بندہ مگر عظمتِ زمانہ فدا
کہ آئنہ بھی خدا کا ہے اور جمال بھی وہ

وہ اک وسیلہ ہے انسان اور خالق میں
خدا کے فن کا ہے شہکار جو کمال بھی وہ

وہ اک طبیب، محبت کے درد مندوں کا
ہے کائنات کے زخموں کا اندمال بھی وہ

زمانہ جبرِ مسلسل سے چیختا تھا بہت
تو پھر ملا کرمِ ربِّ ذوالجلال بھی وہ

ہے اس کا نام بھی قائم خدا کے نام کے ساتھ
زمانہ فانی ہے لیکن ہے لازوال بھی وہ

لکھی ہے نعت جو عادل تو اب نہیں کوئی غم
اسی وسیلے سے جانیں گے میرا حال بھی وہ

تاجدار عادل

نعتِ مصطفیٰ ﷺ ۔ مرتبہ ناصر زیدی ۔ مطبوعہ راولپنڈی ۔ ۱۹۹۱ ۔ ص ۶۲

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

عطر افشاں ہے بساطِ گُل و لالہ تجھ سے
بزمِ کونین میں تجھ سے ہے اجالا، تجھ سے

وجہِ رحمت ہے دعاؤں میں وسیلہ تیرا
تہ و بالا ہے گناہوں کا ہمالہ، تجھ سے

مرحبا محفلِ توحید میں تیرا یہ مقام
حق نے پڑھوایا ہے خود اپنا مقالہ تجھ سے

راہِ فردوس کے ذرے ہی نہیں نُور طلب
چاند سورج نے بھی مانگا ہے اجالا تجھ سے

کشتِ اعمال میں اُگتے ہیں سحر کے پودے
شامِ تقصیر کا ہوتا ہے ازالہ تجھ سے

تجھ کو زیبا ہے درِ خُلد کُشائی، تجھ سے
تجھ سے کھلتا ہے درِ بخت کا تالا، تجھ سے

جب سرِ عرش گئے آپ تو آئی آواز
اب کسی چرخ کی رفعت نہیں بالا تجھ سے

ارم حسانی

نعتِ خاتم المرسلین ﷺ مرتبہ راجا رشید محمود ۔ مطبوعہ لاہور ۔ ۱۹۸۸ ۔ ص ۳۴

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

ایسا کوئی کونین میں ہو گا، نہ ہُوا ہے
کیا شان ہے، کیا رتبۂ لَوْلَاکَ لَمَا ہے

احمد بھی ہیں، محمود بھی، محبوبِ خدا ﷺ بھی
کیا عزّت و عظمت کا مقام ان کو ملا ہے

پائے گا بشر ان کی حقیقت کو بھلا کیا
حیرت ہے کہ جبریلؑ بھی حیرت میں پڑا ہے

کیا حمد کو توقیر محمد ﷺ سے ملی ہے
اک میم کے پردے میں عجب راز چُھپا ہے

قاصر ہے قلم، گنگ زباں اور خرد گم
امکان سے باہر مرے آقا ﷺ کی ثنا ہے

خلوت میں سرِ عرشِ بریں حق نے بلا کر
کونین کی ہر شے کا عطا علم کیا ہے

رکھتا ہوں نظر اس لئے میں سُوئے محمد ﷺ
اللہ کی رضا ہے وہی، جو ان کی رضا ہے

سنتے ہیں کہ سائل کبھی خالی نہیں لوٹا
مولا ﷺ کا درِ فیض درِ جُود و سخا ہے

ہو چشمِ کرم مجھ پہ بھی اے آیۂ رحمت ﷺ
مسرور زمانے کے مصائب میں گھرا ہے

اسحاق مسرور

تذکرۂ شعرائے مانسہرہ۔ مرتبہ داؤد کوثر۔ مطبوعہ ایبٹ آباد۔ ۱۹۹۲۔ ص ۱۵۵

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

غنچۂ دل کے لئے وجہِ نمو
تیرے کوچے کی ہے ہوائے مشکبو

تیری خاکِ پا مری آنکھوں کا نور
تیری آنکھوں کی حیا میرا وضو

تو مسیحائے دلِ آزردگاں
میں شکستہ دل، شکستہ آرزو

تو شعورِ فکرِ مومن کا اساس
تو ہر اک مُسلم کے دل کی آبرو

تیرے دم سے زندہ و رقصاں ہُوئی
گلشنِ جاں میں بہارِ رنگ و بو

واقفِ اَسرارِ حق تیرا وجود
ہر صفت موصوف تجھ سا خوبرو

اس قدر شفّاف ہو جائے جمال
دل سے نکلے اک صدائے تو ہی تو

حکیم محمد نبی خاں جمالؔ سویدا

ارمغانِ نعت۔ مرتبہ شفیق بریلوی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۳۲۲

--------صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم--------

شہرِ نبی ﷺ میں سایہ ہی سایہ دکھائی دے
باہر کی دنیا دھوپ کا صحرا دکھائی دے

دل میں ہے محبتِ آقائے دو جہاں ﷺ
اس جام میں شرابِ تمنا دکھائی دے

اٹھ جائیں میرے دل سے حجاباتِ علم و جہل
مجھ کو حقیقتِ شبِ اسریٰ دکھائی دے

رحمت سے آپ ﷺ کی ہوئے سیراب خشک و تر
ایسا نہیں ہے کوئی جو پیاسا دکھائی دے

مثلِ خدا، مثلِ محمد ﷺ نہیں کوئی
اپنے مقام پر وہ اکیلا دکھائی دے

خم ہو درِ حبیب ﷺ پہ جس کا سرِ نیاز
اس کا مقام اونچے سے اونچا دکھائی دے

جس کی جبیں پہ اس کی غلامی کا داغ ہو
اس کو ذرا نہ شورشِ فردا دکھائی دے

پڑھنے لگوں نماز تو سجدے میں اے معینؔ
اکثر کوئی جمالِ سراپا دکھائی دے

معینؔ نظامی

جانِ رحمت۔ مرتبہ اخلاق عاطفؔ۔ مطبوعہ سرگودھا۔ ص ۱۶۴

--------صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم--------

زباں پہ نامِ محمد ﷺ اگر نہیں ہوتا
فغاں میں درد، دعا میں اثر نہیں ہوتا

غمِ حیات کی تاریک رہ گزاروں میں
جو تو نہیں، تو کوئی ہمسفر نہیں ہوتا

جو کم نصیب ترے در سے لوٹ آتا ہے
کھلا پھر اس کے لئے کوئی در نہیں ہوتا

ترے کرم کی جو بارش نہ ہو تو صدیوں تک
نہالِ عمر کبھی بارور نہیں ہوتا

ترے ہی ہاتھ میں ہے، میرے سب دکھوں کا علاج
ترے بغیر کوئی چارہ گر نہیں ہوتا

اگر نہ دستِ عنایت ترا میسّر ہو
کوئی بھی مرحلۂ زیست سر نہیں ہوتا

تو ﷺ ہی ہے سارے زمانے کا رہنما ورنہ
زمانے بھر کا کوئی راہبر نہیں ہوتا

مکین جس کے ہوں خالی تری محبّت سے
میں اس کو گھر نہیں کہتا، وہ گھر نہیں ہوتا

اسی کی نگہِ کرم کا یہ فیض ہے کہ حفیظؔ
ہمیں حوادثِ عالم کا ڈر نہیں ہوتا

حفیظؔ صدیقی

مدینۂ نعت۔ مرتبہ نیر ندیم۔ مطبوعہ کراچی۔ ۱۹۸۱۔ ص ۹۵

-------صلی اللہ علیہِ و آلہٖ وسلم-------

حبیبِ حق ﷺ کو دو عالم کا رہنما لکھوں
خدا شناس، خدائی کا آشنا لکھوں

ملے جو عشقِ پیمبر ﷺ سے خامۂ توفیق
تمام عمر شہِ حُسن ﷺ کی ثنا لکھوں

چراغ، پھول، ستارے سبھی ہیں شیدائی
حضور ﷺ آپ کو کس کس کا مدّعا لکھوں

جو روشنی کے سمندر میں غرق ہو جاؤں
انہیں سحر کے سفینے کا ناخدا لکھوں

ملی ہیں شاخِ گلستاں کو نُزہتیں ان سے
میں رنگ و نور کہوں یا انہیں صبا لکھوں

اگر شعورِ سماعت ہو گوش بر آواز
انہیں ضمیرِ خداوند کی صدا لکھوں

کبھی جو سوچ کے شیشے میں دیکھ لوں چہرہ
میں ان کی ذات کو تصویرِ کبریا لکھوں

کِھلیں جو پھول عقیدت کی ٹہنیوں پہ کبھی
انہیں بہارِ تمنّا کا آسرا لکھوں

خبر جو مجھ کو ملے اپنی ابتدا کی بشیرؔ
بشارتوں کے سمندر کی انتہا لکھوں

بشیرؔ رحمانی

بہارِ نعت۔ مرتّبہ حفیظ تائبؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۹۰۔ ص ۵۱

-------صلی اللہ علیہِ و آلہٖ وسلم-------

تو حُسنِ تخلیق کا نمونہ، خدا کی رحمت کا باب ہے تو
عبودیت کا عروج بھی تو ہے، زندگی کا شباب ہے تو

قدم ترا عرش سے بھی اوپر، جبیں تری سجدہ ریز پھر بھی
یہ رفعتیں یہ نیاز مندی، عجیب عالی جناب ہے تو

دیئے نئے ولولے عرب کو، عجم کو اک زندگی عطا کی
رہِ سعادت کا رہنما ہے، خدا کی گویا کتاب ہے تو

جو حرف تیری زباں پہ آیا، وہ بن گیا علم کا خزانہ
لُٹائے علم و ہُنر کے موتی، اگرچہ اُمّی خطاب ہے تو

تہی ہے دامن تو نیکیوں سے مگر ہے مجھ کو یقین سرمدؔ
کہ دل میں ہے گر نبی ﷺ کی الفت تو حشر میں کامیاب ہے تو

سرمدؔ مظاہری

خیرا لبشر ﷺ کے حضور میں۔ مرتّبہ ممتاز حسن۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۷۵۔ ص ۱۸

--------صلی اللہ علیہٖ و آلہٖ وسلم--------

یہ کم ہے شاہِ دیں ﷺ، شہِ دنیا کہوں تجھے
ذاتِ اَحد کا مظہرِ یکتا کہوں تجھے

ظلمت گہِ حیات میں تو نُورِ اوّلیں
ہر دور، ہر زماں کا اجالا کہوں تجھے

مجبور کر رہا ہے تصوّر جمال کا
صبحِ ازل سے قبل کا تارا کہوں تجھے

ادراک کی حدوں سے پرے ابتدا تری
محدود ذہن سے میں بھلا کیا کہوں تجھے

اے سنگِ آستانِ مدینہ تجھے سلام
اپنی جبیں کا حاصلِ سجدہ کہوں تجھے

مل جاتا ہے مقامِ جلی حرف و صوت کو
جو کچھ زبان و نطق سے آقا ﷺ کہوں تجھے

ممتازؔ ورنہ حرف و معانی کہاں نصیب
اے شعرِ نعت، فیض رِضاؔ کا کہوں تجھے

ممتازؔ العیشی

م محمد ﷺ۔ مرتبہ مرتضیٰ اشعر۔ مطبوعہ ملتان۔ ۱۹۹۳۔ ص ۲۱

--------صلی اللہ علیہٖ و آلہٖ وسلم--------

ہُوا جب ضوفشاں دنیا میں مہرِ وادیٔ بطحا
رُخِ ہستی پہ رنگِ جلوۂ نورِ سحر نکھرا
مشیّت نے نظامِ زندگی ترتیب دینے کو
کتابِ زندگی میں بابِ رحمت اک نیا کھولا
کیا شاداب جس نے ہر بلندی اور پستی کو
ہوا فاراں سے ایسا چشمۂ لطف و عطا پیدا
زمینوں آسمانوں میں صدائے مرحبا گونجی
جونہی سازِ حرم سے نغمۂ صلِّ علیٰ نکلا
محمد ﷺ کی غلامی پر ہزار آزادیاں قرباں
کہ جس کی ضرب سے ٹوٹا طلسمِ قیصر و کسریٰ
محمد ﷺ پر نُبوت ختم ہے، چاہے وہ ظلّی ہو
نبی کوئی بھی ان کے بعد ہرگز آ نہیں سکتا
جبین شوق اُس کے آستاں پر کیوں نہ جھک جائے
کہ جس نے قلبِ مسلم کو مذاقِ آرزو بخشا
سلام اس پر، صلوٰۃ اس پر، درود اس پر کہو حیرتؔ
کہ جس کی خاکِ پا سے سیکڑوں مہتاب ہوں پیدا

ابو سعید حیرتؔ جلالپوری

نعت کائنات مرتبہ راجا رشید محمودؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۹۳۔ ص ۱۷۸

---------صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم---------

گُلوں کا رنگ، چمن کا نکھار ہے طیبہ
بہارِ حُسن ہے، حُسنِ بہار ہے طیبہ

سُرورِ قلب ہے، جانِ قرار ہے طیبہ
خدا کے فضل کا آئینہ دار ہے طیبہ

اِس ارضِ پاک کی قرآن کھا رہا ہے قسم
حبیبِ ربِّ عُلیٰ ﷺ کا دیار ہے طیبہ

بنے ہیں زینتِ طیبہ، یہ بخت پھولوں کا
بہارِ رحمتِ پروردگار ہے طیبہ

ہر ایک دل نظر آتا ہے غنچۂ نورس
سبھی کے واسطے تازہ بہار ہے طیبہ

خدا کرے کہ شگفتہ رہے سدا کاوشؔ
مِرے حبیب ﷺ کا رنگیں دیار ہے طیبہ

فیاض احمد خاں کاوشؔ

پاکستان کے نعت گو شعرا۔ سیّد محمد قاسم۔ مطبوعہ کراچی۔ ۱۹۹۳۔ ص ۲۹۷

---------صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم---------

سلام اس پر جو بن کر رحمۃٌ للعالمیں ﷺ آیا
علمبردارِ حق بن کر سپہ سالارِ دیں آیا

سلام اس پر کہ دنیا میں اُخوت کی بنا ڈالی
تمیزِ بندہ و آقا زمانے سے مٹا ڈالی

سلام اس پر کہ جس نے کی تلافی زیر دستی کی
یتیموں اور بیواؤں کی جس نے سرپرستی کی

سلام اس پر کہ عبدیت بھی جس پر ناز کرتی ہے
ثریا سے پرے انسانیت پرواز کرتی ہے

سلام اس پر کہ آدابِ معیشت جس نے سکھلائے
سلام اس پر، قوانینِ سیاست جس نے سمجھائے

سلام اس پر کہ جس کا نام روشن ہے امامت میں
صداقت میں، شجاعت میں، شرافت میں، دیانت میں

سلام اس ماہِ کامل پر کہ پرتو چار ہیں جس کے
ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ یار ہیں جس کے

سلام اس پر کہ دینِ حق مکمل کر دیا جس نے
جہاں سارا خدا کی نعمتوں سے بھر دیا جس نے

سلام اس پر، قیامت تک نبوت جس کی جاری ہے
رہینِ منتِ فیضان، دنیا جس کی ساری ہے

چودھری خوشی محمد ناظرؔ

اردو کی نعتیہ شاعری۔ ڈاکٹر فرمان فتحپوری۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۷۴۔ ص ۲۰۴

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

بیاں ہو لفظوں میں کیسے مجھ سے مقامِ حُسن و جمال تیرا
کہ آسمانوں پہ خود بھی مدحت سرا ہے ربِّ جلال تیرا

ہزار طوفانِ باد و باراں ستم کے آتے رہے ہیں لیکن
اندھیری راتوں میں میری خاطر جلا چراغِ خیال تیرا

تری محبّت میں ریگِ صحرا کا ذرّہ ذرّہ پُکار اٹھا
تو اک سمندر ہے رحمتوں کا، یہ بخششیں ہیں اچھال تیرا

خدائے اعلیٰ بزرگ و برتر بھی تجھ پہ نازاں ہے اے محمد ﷺ
میں کیسے لفظوں کی سیپیوں سے نکالوں دُرِّ کمال تیرا

یہ عشق و اُلفت سکوں کی دولت نہ تجھ سے مانگوں تو کس سے مانگوں
مری نظر میں اویسؓ و سلماںؓ مری نظر میں بلالؓ تیرا

جو تجھ سے ازہرؔ کو نسبتیں ہیں، انہی سے روشن ہے اس کی دنیا
رہے گا کیوں کر جہانِ ظلمت میں پھر یہ شیدا نڈھال تیرا

منظور عباس ازہرؔ

بزمِ رسالت۔ مرتبہ حاجی گُل بخشالوی۔ مطبوعہ کھاریاں۔ ۱۹۸۵۔ ص ۲۲۳

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

وہ چاند سا جو چمکتا دکھائی دیتا ہے
حضورِ پاک ﷺ کا روضہ دکھائی دیتا ہے

نگاہِ شوق کی معراج ہے یہی شاید
ہر ایک سمت مدینہ دکھائی دیتا ہے

نظر میں پھرتے ہیں ہجرت کے واقعات کبھی
کبھی وہ شب کا اندھیرا دکھائی دیتا ہے

یہاں کی صبحِ درخشاں، یہاں کی شامِ حسیں
جو وقت بھی ہو، سُہانا دکھائی دیتا ہے

کچھ اس ادا سے چمکتے ہیں ریت کے ذرے
رواں نجُوم کا دریا دکھائی دیتا ہے

نظر جو دور سے آتا ہے گنبدِ خضریٰ
جنونِ شوق مچلتا دکھائی دیتا ہے

جو اس حصارِ محبت میں ہو گیا داخل
وہ بے نیازِ تمنّا دکھائی دیتا ہے

نہ آرزو ہے نہ حسرت نہ جستجو نہ تلاش
یہاں تو اور ہی نقشہ دکھائی دیتا ہے

عروج پر ہے ستارہ نصیب کا عارفؔ
گلِ مراد مہکتا دکھائی دیتا ہے

عارفؔ سیالکوٹی

بہارِ نعت مرتبہ حاجی محمد منیر قریشی۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۹۷

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ

کوہِ فاراں پر جو چمکی برقِ ظلمت سوزِ کفر
گوشہ گوشہ اس کی ضو نے طُورِ سینا کر دیا

میرے اُمّی نے کہ عَلَّمْنَا کا تھا گنجینہ دار
سرِ فصیحانِ تمرّد خو کا نیچا کر دیا

کُحلِ روحانی سے، ایمان و یقیں کے نور سے
دل منوّر کر دیئے، آنکھوں کو بینا کر دیا

علم کی تنویر سے، تعلیم کے انوار سے
جہل کی تاریک وادی میں اجالا کر دیا

صَیقلِ آیاتِ قرآں سے جِلا کاری وہ کی
دل کا زنگ آلود آئینہ مجلّٰی کر دیا

دیکھنا ہاں خرقِ عادت کے کرشمے دیکھنا
کنکروں کو بند ہاتھوں ہی میں گویا کر دیا

فیاضؔ ہریانوی

مخزنِ نعت۔ مرتّبہ پروفیسر محمد اقبال جاوید۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۱۲۳

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ان کا خیال ہے، مری دنیا کہیں جسے
ان کا جمال ہے مرا کعبہ کہیں جسے

ان کے بغیر کون ہے اس کائنات میں
مجھ سے فقیر، مالک و مولا ﷺ کہیں جسے

در ہے انہی کا، جس کو سمجھئے خدا کا در
ان کی گلی ہے عرشِ معلّٰی کہیں جسے

پیش از طلب ہی دیتے ہیں بیش از طلب حضور ﷺ
کیا آئے لب پہ، حرفِ تمنّا کہیں جسے

آئے نسیمِ طیبہ کہ کھِل جائے ہر کلی!
دل ہو کہ باغِ خلد کا نقشہ کہیں جسے

کون و مکاں میں کون ہے میرے کریم ﷺ سا
ہاں وہ کریم، مظہرِ یکتا کہیں جسے

آسیؔ کو کیا کشاکشِ موت و حیات سے
آقا ﷺ ہے اپنا جانِ مسیحا کہیں جسے

پروفیسر محمد حسین آسیؔ

نعتِ خاتم المرسلین ﷺ مرتّبہ راجا رشید محمودؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۸۸۔ ص ۲۸

قطعۂ تاریخِ طباعت

"غیر مسلموں کی نعت گوئی" اشاعتِ خصوصی ماہنامہ "نعت" لاہور
شمارہ ماہ نومبر ۹۵ء

"دوامِ رفعتِ خواجہ"

مدّاحِ محمد فقط اپنے ہی نہیں ہیں — اغیار نے بھی کی ہے ثنا خوانیٔ احمد
کُل خلقِ خدا سے بھی بیاں ہو نہیں سکتے — سرکار کے اوصاف ہیں بالائے حد و عد
محبوبِ خدا، شاہِ اُمم، سرورِ کونین — ہیں اُن پہ فدا، اُن پہ فدا میرا اب و جد

٥

ہر ماہ نئی شان سے ہوتا ہے نمودار — اس کا یہ شرف ہے، کرم وافرِ ایزد
ہے نعت کی لاریب یہ اک پیشکشِ عمدہ — نذرانۂ اخلاص بہ دربارِ محمد
ہے اک چمنستانِ محبت یہ صحیفہ — اس کے گُل و لالہ کی پھبن بابد و شاید
اس کی مری جانب سے یہ تحسین و ستائش — اظہارِ حقیقت ہے، نہیں کوئی خوشامد
وہ لوگ بظاہر جو مسلماں نہیں ہیں — آقا کے ثنا خواں ہیں، زہے طالعِ اسعد

اس خاص شمارے کی سرِ قلب "وفا" سے
٨٦
تاریخ ہے "اغیار کہیں نعتِ محمد"
1909

٨٦ + 1909 = 1995ء

فاروق سلطان پوری
حسن ابدال

آسمان جن کی لحد پر شبنم افشانی کرے

خدام نعت کا انتقال

ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی

گورنمنٹ کالج شاہدرہ میں اردو کے استاد، مجلّہ "اوج" کے نعت نمبر کے مرتب، نامور صاحب علم، --- آفتاب احمد نقوی کو دن دہاڑے لاہور میں قتل کر دیا گیا۔ انھوں نے پنجابی نعت میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی تھی۔ "اوج" کے ضخیم نعت نمبر (دو جلدیں) کی پذیرائی ہر سطح پر کی گئی۔ اگر ظالم قاتلوں کی نہ بن آتی تو موصوف کی صلاحیتیں ملک و قوم کے لئے مفید ثابت ہوتیں۔ متعلقہ احکام احساس ذمہ داری سے کام لیتے تو قاتل اب تک کیفر کردار کو پہنچ گئے ہوتے۔ ادارہ "نعت" دعاگو ہیں کہ اللہ کریم اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل انھیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سید امین علی نقوی، عمران نقوی اور دیگر لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے اور ڈاکٹر صاحب کے قاتلوں کو دنیا و آخرت میں خسران عظیم سے دوچار کرے۔

سید ہلال جعفری کے صاحبزادے

معروف نعت گو شاعر، "ہلال حرم" اور دیگر نعتیہ مجموعوں کے مصنف، ڈاکٹر سید ہلال جعفری کے صاحبزادے کراچی میں انتقال کر گئے۔ ہلال صاحب کے لئے یہ بہت بڑا صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں صبر کی توفیق بخشے اور مرحوم کو اعلیٰ علیئن میں جگہ عطا فرمائے۔

الحاج عبدالغفور

ستارہ گروپ آف انڈسٹریز کے چیئرمین الحاج عبدالغفور قضائے الٰہی سے جاں بحق ہو گئے ہیں۔ مرحوم نعت سے دلی محبت رکھتے تھے اور اسلامی اقدام کے فروغ کے لئے کوشاں رہتے تھے۔ ادارہ "نعت" ان کے درجات کی بلندی کے لئے دعاگو ہے۔

ماہنامہ "نعت" لاہور

۱۹۸۸ کے خاص نمبر

جنوری — حمد باری تعالیٰ
فروری — نعت کیا ہے؟
مارچ — مدینۃ الرسول ﷺ (اول)
اپریل — اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (اول)
مئی — مدینۃ الرسول ﷺ (دوم)
جون — اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (دوم)
جولائی — نعتِ قدسی
اگست — غیر مسلموں کی نعت (اول)
ستمبر — رسول ﷺ نمبروں کا تعارف (اول)
اکتوبر — میلادُ النبی ﷺ (اول)
نومبر — میلاد النبی ﷺ (دوم)
دسمبر — میلاد النبی ﷺ (سوم)

۱۹۸۹ کے خاص نمبر

جنوری — لاکھوں سلام (اول)
فروری — رسول ﷺ نمبروں کا تعارف (دوم)
مارچ — معراج النبی ﷺ (اول)
اپریل — معراج النبی ﷺ (دوم)
مئی — لاکھوں سلام (دوم)
جون — غیر مسلموں کی نعت (دوم)
جولائی — کلامِ ضیاء القادری (اول)
اگست — کلامِ ضیاء القادری (دوم)
ستمبر — اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (سوم)
اکتوبر — درود و سلام (اول)
نومبر — درود و سلام (دوم)
دسمبر — درود و سلام (سوم)

۱۹۹۰ کے خاص نمبر

جنوری — حسن رضا بریلوی کی نعت
فروری — رسول ﷺ نمبروں کا تعارف (سوم)
مارچ — درود و سلام (چہارم)
اپریل — درود و سلام (پنجم)
مئی — درود و سلام (ششم)
جون — غیر مسلموں کی نعت (سوم)
جولائی — اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (چہارم)
اگست — وارثیوں کی نعت
ستمبر — آزاد بیکانیری کی نعت (اول)
اکتوبر — میلادُ النبی ﷺ (چہارم)
نومبر — درود و سلام (ہفتم)
دسمبر — درود و سلام (ہشتم)

۱۹۹۱ کے خاص نمبر

جنوری — شہیدانِ ناموسِ رسالت (اول)
فروری — شہیدانِ ناموسِ رسالت (دوم)
مارچ — شہیدانِ ناموسِ رسالت (سوم)
اپریل — شہیدانِ ناموسِ رسالت (چہارم)
مئی — شہیدانِ ناموسِ رسالت (پنجم)
جون — غریب سہارنپوری کی نعت
جولائی — نعتیہ مسدّس
اگست — فیضانِ رضا
ستمبر — عربی ادب میں ذکرِ میلاد
اکتوبر — سراپائے سرکار ﷺ
نومبر — اقبالؒ کی نعت
دسمبر — حضور ﷺ کا بچپن

ماہنامہ "نعت" لاہور

۱۹۹۲ کے خاص نمبر

جنوری نعتیہ رُباعیات
فروری آزاد بیکانیری کی نعت (دوم)
مارچ نعت کے سائے میں
اپریل پیر کے دن کی اہمیت (اول)
مئی پیر کے دن کی اہمیت (دوم)
جون پیر کے دن کی اہمیت (سوم)
جولائی غیر مسلموں کی نعت (چہارم)
اگست آزاد نعتیہ نظم
ستمبر سیرتِ منظوم
اکتوبر سراپائے سرکار (دوم)
نومبر سفرِ سعادت، منزلِ محبت (اول)
دسمبر سفرِ سعادت، منزلِ محبت (دوم)

۱۹۹۳ کے خاص نمبر

جنوری ۹۲ (قطعات)
فروری عربی نعت اور علامہ نبہانی
مارچ ستار وارثی کی نعت گوئی
اپریل حضور ﷺ اور بچے
مئی حضور ﷺ کے سیاہ فام رفقا
جون زائرِ مدینہ بہزاد لکھنوی کی نعت
جولائی تسخیرِ عالمین اور رحمۃ للعالمین (اول)
اگست تسخیرِ عالمین اور رحمۃ للعالمین (دوم)
ستمبر رسول ﷺ نمبروں کا تعارف (چہارم)
اکتوبر نعت ہی نعت
نومبر یا رسول اللہ ﷺ
دسمبر حضور ﷺ کی رشتہ دار خواتین

۱۹۹۴ کے خاص نمبر

جنوری محمد حسین فقیر کی نعت
فروری نعت ہی نعت (دوم)
مارچ تضمینیں
اپریل حضور ﷺ کی معاشی زندگی
مئی اختر الحامدی کی نعت
جون مدینۃ الرسول ﷺ (سوم)
جولائی شیو آبریلوی اور جمیل نظر کی نعت
اگست دیارِ نور
ستمبر بے چین رجپوری کی نعت
اکتوبر نعت ہی نعت (سوم)
نومبر نورٌ علیٰ نور
دسمبر معراجُ النبی ﷺ (سوم)

۱۹۹۵ کے خاص نمبر

جنوری حضور ﷺ کی عاداتِ کریمہ
فروری استغاثے
مارچ نعت ہی نعت (چہارم)
اپریل نعت کیا ہے؟ (دوم)
مئی نعت کیا ہے؟ (سوم)
جون نعت کیا ہے؟ (چہارم)
جولائی خواتین کی نعت گوئی (اشاعت خصوصی)
ستمبر نعت ہی نعت
اکتوبر کافی کی نعت
نومبر غیر مسلموں کی نعت گوئی
دسمبر انتخابِ نعت

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شعارِ حسن کا ثنائے رسولِ اکرم ہو
اس آدمی کی محبت خدا نصیب کرے

نعت سے محبت کرنے والی محترم

بہن **زینت خاتون** مرحومہ مغفورہ

کے ایصالِ ثواب کے لیے

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ
مرحومہ کی بلندیٔ درجات کیلئے دُعا کریں

ملک خان محمد

باٹا پور کالونی نمبر ۳
باٹا پور۔ لاہور۔

قارئینِ کرام سے دُعا کی درخواست

میری صلاحیتیں والدین کے حُسنِ تربیت کے باعث نعت کی خدمت کے لئے مختص ہوئی ہیں اور ماہنامہ "نعت" لاہور کا اجرا میرے والدِ مرحوم راجا غلام محمدؒ (متوفی ۱۶ مئی ۱۹۸۸ بروز پیر) اور میری والدہ مرحومہ نور فاطمہؒ (متوفیہ ۱۹۔ اگست ۱۹۹۰۔ بروز اتوار) کی اشیرباد سے ہوا۔ اس لئے اگر آپ کو ماہنامہ "نعت" میں کوئی چیز پسند آجائے تو ان کی بلندیٔ درجات کے لئے دعا کریں۔

------ ایڈیٹر۔

احترامِ قرآن و حدیث

قرآنِ حکیم کی مقدس آیات اور احادیثِ نبوی ﷺ آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لئے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ ماہنامہ "نعت" کا ہر صفحہ حضور سرورِ کائنات علیہ السلام والصلوٰۃ کے ذکرِ پاک سے مزیّن ہوتا ہے۔ لہٰذا ماہنامہ "نعت" کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

☆☆☆

آئندہ شمارہ : لطف بریلوی کی نعت

رجسٹرڈ نمبر ایل ۸۲۹۱

ماہنامہ **نعت** لاہور